بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

جلد نمبر 69 | APRIL 2016 | شمارہ نمبر 01

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی
شہزادہ سید محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سید محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی
آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — جنتری البیرونی تقویم
ایڈیٹر — شہزادہ سید مصور علی زنجانی
سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلس مشاورت
- چودھری واجد علی خان
- ڈاکٹر اجمل نیازی
- افتخار احمد (بول)
- مخدوم سید چن پیر قادری
- کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ
- شجاعت ہاشمی (آرٹسٹ)
- علامہ صمصام الدین
- مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی
- میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی
- پروفیسر توفیق بٹ
- محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی
طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ
محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

کمپوزنگ و لے آؤٹ
شہزاد شاکر

سرکولیشن مینیجر
منظور علی

حمد، نعت، منقبت	3
عالمی و سیاسی حالات اپریل 2016ء	4
زیارات در نوبہار کربلا و نجف	5
خدا کے لیے	7
زائچہ ایم کیو ایم	8
حضرت علی	11
فضائل ناد علی	13
اعمال رجب المرجب	15
دربار مصطفائی کا روحانی فیض	16
لوح شرف زہرہ	18
شرف زہرہ 2016ء	20
شرف شمس و شرف زہرہ	22
مجربات دامانیہ	24
رحمکاریہ جفر (شرف زہرہ وشمس)	26
نقش کن فیکون	27
تسخیر محبوب و رجوع خلق	28
شرف زہرہ ترقی و رجوع خلق	29
شرف شمس عزت و شہرت	30
نقش مخمس خالی القلب	32
ہاتھ اور آپ کی شخصیت	33
انعام کی نمبرز سے ایک صفحہ مارچ	35
انعام کی نمبرز آئینہ قسمت میں	35
گولڈن کی نمبرز اپریل 2016ء	35
ٹیلی کی نمبرز اپریل 2016ء	36
مقدر کا سکندر اپریل 2016ء	36
اپریل کے انعام 2016ء	36
ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے	37
اندھا قانون اپریل 2016ء	37
کبھی خوشی کبھی غم	38
برج حمل اور آپ کی شخصیت	40
ماہ کیسا اپریل 2016ء	47
سوال جواب	54
اشتہارات ادارہ	55
فہرست کتب	57

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بلمقابل یونین کونسل، حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، لاہور 54660
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ آرام باغ روڈ، کراچی 74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی
A-19 بی روڈ (عقبی روڈ) سیٹلائٹ ٹاؤن، نزد پی ایس او پٹرول پمپ راولپنڈی
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

ڈاکٹر محمد امین

حمد

رفعتیں تیرے لیے، سب عظمتیں تیرے لیے
خالق حرف و بیاں سب مدحتیں تیرے لیے

زندگی تیرے لیے اور بندگی تیرے لیے
اُلفتیں تیرے لیے سب چاہتیں تیرے لیے

تو کہ لامحدود ہے، حدِ مکاں بھی تجھ سے ہے
سرحدِ امکاں تلک سب رفعتیں تیرے لیے

عقل حیراں ہے کہ کیسا ہے نظامِ کائنات
اے حکیمِ بے بدل! سب حکمتیں تیرے لیے

میں کہ بندہ ہوں تو پھر بندے کا کیسا اختیار
قادرِ مطلق ہے تو سب قدرتیں تیرے لیے

سلام

محمد تفضل حسنین خان

محبِ خدائے ربِّ کبیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
معشوقِ نبیؐ بے نظیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
مولودِ کعبۃ اللہ شریف، وجہِ عزت نجف
شہیدِ کوفہِ دلگیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
اخی احمدؐ زوجِ زہرہؑ، شہنشہِ ہر جن و انس
پدرِ شبّرؑ، مولا علیؑ مولا علیؑ
قمرِ اہل بیتِ نبیؐ، شانِ اصحابِ رسولؐ
گہرِ عشرہؑ بشیر، مولا علیؑ مولا علیؑ

رشید ملنگی

نعت

کملی والے کا سہارا مل گیا
ٹل گیا طوفاں کنارا مل گیا
بیٹھے بیٹھے مل گئی جنت مجھے
یعنی مجھ کو رب کا پیارا مل گیا
میں درِ خیر الوریٰ پہنچا ہی تھا
بخت کو روشن ستارہ مل گیا
جس سے خوش ہو جائیں محبوبِ خدا
اُس کو جنت کا اشارہ مل گیا
جو مدینے کی زیارت کر چکا
اُس کو جنت کا اِشارہ مل گیا
دل میں اب باقی نہیں حسرت کوئی
جو بھی مانگا ہم نے سارا مل گیا
خوش نصیبی سے تمہیں بھی اے رشیدؔ
آلِ اطہر کا اُتارا مل گیا

اپریل 2016ء

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کے کئی آئینی اسکینڈل۔ حکومت کے مستعفی ہونے کے لیے اچانک سیاسی عوامی دباؤ بڑھے۔ حکمرانوں وزیروں پر غیر متوقع حملے اور حادثات بعید از قیاس نہیں ہیں۔

زائچہ اول: سیاسی نجوم آٹھواں گھر غیر معمولی اہمیت کا حامل بن کر طلوع ہو رہا ہے۔ قران شمس وقمر اسی گھر میں اس گھر کی اہمیت یوں بھی بڑھ رہی ہے کہ شمس طالع کا مالک ہو ہے۔ حکمران صدر وزیر اعظم کے علاوہ اہم ملکی سیاسی شخصیات حادثات وسیاسی حادثات سے متاثر ہو سکتی ہیں۔ نئے چاند کا آٹھویں طلوع ہونا ملکی دفاع نظریات کو اُبھارے۔ سوشل میڈیا اور میڈیا ملک دشمن عناصر کے خلاف عوامی شعور ابھارے، حکومت کے خلاف سازشیں سکینڈل ابھریں، ذخیرہ اندوزی سے مہنگائی بڑھے، مذہبی فسادات کے نتیجہ میں اموات اور جرائم کی شرح میں اضافہ ہو، حادثات کے ساتھ دھوکہ فراڈ اور لوٹ مار، جرائم، ملکی کرنسی میں اُتار چڑھاؤ، سٹاک شیئرز اور پراپرٹی کے کاروبار میں مصنوعی اضافہ، تخریب کاری سے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ اچانک طوفان مدوجزر، زلزلے کا بھی اندیشہ۔ نتیجۃً ملکی معدنیات میں بھی اضافہ ہوگا۔ راہو کیتو مشتری طالع کے درجات کو ناظر ہونے سے سیاسی وعسکری قیادت دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے پر عزم ہو۔ نیب کا ادارہ ملکی کرپشن کرنے والوں کے احتساب کے لیے سرگرم رہے۔ اہم انکشافات، احتسابی عمل آگے بڑھے۔ چھٹے ملکی سروسز ساتویں خارجہ تعلقات کا مشترکہ حاکم زحل طالع اور طالع میں بیٹھے راہو مشتری کے درجات کو مکمل ناظر ہونے جبکہ راہو مشتری گرو چنڈل یوگ بنائے ہوئے ہیں۔ موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کے کئی آئینی اسکینڈل سامنے آئیں اور وہ مسلسل میڈیا ٹرائل میں رہیں۔ ملکی سرحدوں پر اچانک جارحیت کے واقعات بڑھنے سے پاک بھارت متوقع مذاکرات متاثر ہوں۔

زائچہ دوم: طالع جوزا ذوجسدین میں حاکم ستارہ عطارد گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر شمس تیسرے کا حاکم یہاں شرف یافتہ گیارہویں کا حاکم مریخ چھٹے اپنے دوسرے ثانوی گھر میں طاقتور ہمراہ زحل ملکی سروسز اسٹیبلشمنٹ مزید اہمیت پانچویں میڈیا بارہویں خفیہ اداروں کا مشترکہ حاکم زہرہ دسویں شرف یافتہ عمدہ نشست طالع کے درجات پر ہونے سے یہ پندرہ روزہ ایام ملکی سیاست پارلیمانی ایوانِ بالا میں حالیہ ملکی سیاسی مسائل کے حل کے لیے پارلیمنٹ کے اندر اور باہر مثبت بحث ومباحثہ اور نتائج نکل آنے کی عکاسی کرتے ہیں۔ حقوقِ نسواں بل کی مزید تائید بھی سامنے آئے، عوامی تقاریب، حکمران پارٹی کے جلسے جلوس، کنونشن اور دعوتیں، اعلیٰ لوگوں کی شادیاں اور ایوارڈز اور اعزازات وانعامات کی تقسیم کرنے کی تقاریب سرکاری و پرائیویٹ طور سے منعقد ہوں۔ حکمران طبقہ کے قریبی لوگوں، مشیروں کی تعداد میں اضافہ اور اُن کی سرکاری ونیم سرکاری معروفیات بڑھیں۔ سورج کی گیارہویں نشست ملکی، عوامی اور سیاسی تحفظ جیسے باوقار مفید قانون سازی پارلیمنٹ سینٹ میں ممبران کی بھرپور شرکت سے قانونی مسودات کی منظوری۔ مریخ چھٹے گھر جس میں اندرونِ ملک اور ملکی سرحدوں پر جھڑپوں، جنگی حالات کا اشارہ ہے۔ زحل یہاں طالع کے درجات کے قریب رہتے ہوئے 6،8،12 اور دوسرے گھر کو ناظر رہتے ہوئے عوام الناس کی صحت وبائی امراض پھیلنے کا

قمر در عقرب اس نحس وقت کی ابتداء 22 اپریل 5 بجکر 17 منٹ تا 24 اپریل 17 بجکر 48 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

(بقیہ صفحہ نمبر 10 پر)

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا — تو ہے عین نور تیرا سب گھرانا نور کا

فرمانِ رسول ﷺ ہے: حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔ یہ مشہور حدیث ہر مسلمان جانتا ہے۔ حج بیت اللہ اور زیارات روضہ رسول اور جنت البقیع مدینۃ المنورہ کے بعد صدیوں سے مؤمنین چہاردہ معصومینؑ کی زیارات کے لیے شوق روحانیات سے ایران، عراق اور شام جاتے ہیں۔ چند سالوں سے آزاد انٹرنیشنل میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ہر سال ماہ محرم اور اربعین کے موقعہ پر کم و بیش تین کروڑ زائرین سفر عراق کربلا معلیٰ و نجف اشرف، سامرہ کاظمین اور ملحقہ زیارات کے لیے تشریف لے جاتے ہیں۔ 1997 فیملی کے ساتھ اور اب 2016 پھر مجھے یہ سعادت ہمراہ محترم ڈاکٹر نثار احمد ملک، درگاہ شاہ زنجانی (منجم اعظم) کے خادم سید علی رضا بخاری، برادرم سید ثروت علی کاظمی الزنجانی "سسر آرگنائزر سید نوازش رضا الحرمین ٹریولز" کراچی اور صاحبزادہ شہزادہ سید محسن علی زنجانی کے ساتھ 11 تا 22 فروری بائی ایئر **کاروانِ عاشقانِ حسینؑ الحرمین ٹریولز** کے معمولی اخراجات پر بہترین انتظامات کے ساتھ نصیب ہوئیں۔ کاروان میں زائرین کی تعداد **1190** ہمراہ علماء اکرام سید عون نقوی، مولانا حسن ظفر نقوی صاحب۔ نوحہ خوان فرحان علی، وارث، قمل رضا، کمیل مہدی، سید مجاہد حسین، سید محمد علی اور **کاروان زائرین سالار** سید موسیٰ رضا، سید سلمان رضا، سید محمد علی۔ **خادم زائرین** دارا رضا، مستان، کمیل مہدی، محسن رضا، قمبر، کمیل، ثقلین، آغا سلطان، محسن عسکری، جرجیس، مہدی، محمد علی، قمر، شاہد نے کاروان کے بہترین انتظامات خدمات انجام دے کر اہل قافلہ کے دل جیت لیے۔ جبکہ لاہور و فیصل آباد سے ہمارے سالار ذیشان رضا اور ان کے صاحبزادے علی اصغر تھے۔ سبھی زائرین کا ایک دوسرے سے اخلاص و محبت بھی قابل دید و تعریف تھا۔ 368 ہجری میں لکھی گئی کتاب "**کامل الزیارات**" ایک ایسی جامع سند نما کتاب ہے، جس سے سینکڑوں زیارات کی معرفت و تعریف میں کتب لکھی گئیں ہر دریائے کتب اسی سمندر میں جا کر گرتے ہیں۔ سفر زیارات میں اگر گیارہ ماہ بھی لکھتا رہوں تو کم ہیں۔ آپ کے محبوب ماہنامہ آئینہ قسمت کے محدود صفحات آڑے ہیں، زیارات سے چند ماہ قبل میرے محترم دوست ظفر حسین بھٹی ایڈیشنل سیشن جج صاحب زیارات پر تشریف لے گئے اور انہوں نے اپنے تاثرات سفر پر ایک کتاب **سفرنامہ زیارت مقدسہ** لکھ دی ہے۔ آپ آئینہ قسمت کی ویب سائٹ پر ان کے جذبات پر مبنی کتاب ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ کامل الزیارات کے صفحہ 29 پر یوں درج ہے:

رسول اللہ ﷺ، امیرالمومنینؑ، امام حسنؑ اور امام حسینؑ کی زیارات کا ثواب

حدیث 1: ہمیں ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویہ القمی الفقیہ نے خبر دی انہوں نے کہا کہ مجھے میرے باپ نے سعد بن عبداللہ بن ابی خلف اشعری سے انہوں نے احمد بن محمد بن عیسیٰ سے انہوں نے خالد البرقی سے انہوں نے قاسم بن یحییٰ سے انہوں نے اپنے دادا حسن بن راشد سے انہوں نے عبداللہ بن سنان سے انہوں نے امام ابو عبداللہؑ سے انہوں نے فرمایا ایک دن حسینؑ بن علیؑ رسول ﷺ اللہ کی گود میں تھے۔ آپؑ نے اچانک سر اٹھایا اور فرمایا! بابا جان! آپ ﷺ کی شہادت کے بعد جو آپ ﷺ کی زیارت کرے گا، اس کے لیے کیا اجر و ثواب ہے؟ فرمایا بیٹا جو میری زیارت کے لیے آئے گا میری شہادت کے بعد تو اس کے لیے جنت ہے اور جو تمہارے باپ (علیؑ) کی شہادت کے بعد ان کی زیارت کرے گا اس کی جزا جنت ہے اور جو شخص تمہارے بھائی حسنؑ کی شہادت کے بعد زیارت کے لیے آئے گا تو اس کے لیے جنت ہے اور جو بھی تمہاری شہادت کے بعد تمہاری زیارت کے لیے آئے گا، اس کے لیے بھی جنت ہے۔

غالباً اسی سبب انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر صبح و شام کربلا میں دیکھا جا سکتا ہے۔ امام زمانہ حضرت محمد مہدیؑ کی آمد سے نجف و کربلا ہی دنیا کا مرکز ہو گا۔ کوفہ میں مسجد سہلا

آج بھی اپنے مولا اپنے امام حجت القائم کی آمد کا صبح و شام بے چینی سے انتظار کر رہی ہے۔ 1997ء میں دورِ صدام میں ہر چوراہے پر صدام کے جگہ جگہ بت بنے ہوئے تھے اور آج 2016ء میں جگہ جگہ **لبیک یا حسین** لکھا ہوا اور **شانِ وفا مولا شہنشاہ غازی علمدار**ؑ کے علم دکھائی دیتے ہیں۔ اگرچہ عراق دہشت گردی اور اندرونی حالت جنگ میں ہے۔ داعش کے خطرات عام عوام حکومت کے لیے ہمہ وقت رہتے ہیں۔ امریکہ نے عراق کو تباہ و برباد کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ تاہم ان مقدس ہستیوں کے صدقے عراق کے تمام مقدس مقامات محفوظ ہیں۔ ان کی دنیاوی اور روحانی طور سے حفاظت جاری ہے۔ معصومینؑ کے فرمان کے مطابق ہر شب جمعہ تمام انبیاء تمام اولیاء اللہ اور کروڑوں فرشتے حرم حسینؑ پر حاضری کے لیے تشریف لاتے ہیں۔ یوں تو حرم حسینؑ کے نیچے نماز واجب کسر نہیں بلکہ مکمل پڑھی جاتی ہے اور یہ قبولیت دعا کی جگہ ہے۔ ہمیں دوران زیارت حرم حسینؑ کے ایڈمن جناب سید سعدالدین ہاشم صاحب کی جانب سے تبرکات ملنے کے ساتھ لنگر امام حسینؑ عشائیہ بھی نصیب ہوا۔ ہمارے دوست جناب محبوب صاحب بغداد سے خاص طور سے ملنے کربلا آئے اور نور حرمین فندق میں ضیافت دی۔ آپ کے خادم گنہگار شاہ زنجانی نے جی بھر کر کربلا کے مقدس مقامات کی زیارات خصوصاً ان سبھی بہن بھائیوں کے لیے دعائیں کیں، جن کی دعائیں سلام اور زیارات مقدسہ کرنے کی خواہش کی گزارشات میرے ذمہ تھیں۔ علاوہ ازیں قارئین زنجانی جنتری، 12 امامیہ جنتری، البیرونی تقویم اور ماہنامہ آئینہ قسمت کے معلوم نامعلوم قارئین بہن بھائی بھی دعاؤں میں یاد رہے۔ کربلا، سامرہ، کاظمین کی آٹھ روزہ زیارت کے بعد آخری دو دن ہمیں نجف اشرف قیام کا موقع ملا۔ **مسجد سہلا، مسجد کوفہ** کے درجن بھر انبیاء و معصومینؑ کے مصلوں پر نمازیں پڑھنے، دعائیں کرنے کی سعادت ملی۔ دو صبح نماز فجر حرم مولا علیؑ پڑھنے کی سعادت ملی۔ وقتاً وقتاً سے علماء اکرام کی مجالس کی صحبت نصیب ہوئی۔ 21 فروری کی شب پاکستانی مرجع عالی مجتہد الحاج حافظ بشیر حسین نجفی صاحب کی زیارت نصیب ہوئی، ان کی جانب سے خالص پانچ در نجف کے تحائف ملے۔ آپ کی ملت جعفریہ کے لیے بے پناہ دینی خدمات اور مسلسل 52 سال سے قیام نجف اشرف میں غالباً آپ بھی امام زمانہ حجت القائم کے منتظر بنے نجف اشرف سے کسی ضروری کام حج و عمرہ کے علاوہ کہیں نہیں جاتے۔ آپ کا باقاعدہ شرعی دفتر ہے اور آپ متعدد کتب کے مصنف ہیں۔ آپ کی جانب سے کتب کے تحائف بھی ملے۔ آپ کی جانب سے پاکستانیوں کے لیے ماہنامہ "**صوت النجف**" راولپنڈی سے نکلتا ہے۔ رسالہ کی سالانہ ممبر شپ کے لیے 03125197082 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ آپ کی ای میل m.urdu@alnajafy.com ہے۔ سفر کے اختتام پر کچھ زائرین ایران روانہ ہوگئے اور ہم قطر ایئرویز سے 22 فروری علی الصبح لاہور پہنچے۔ لاہور آنے پر یوں لگا کہ ہمارا دل وہیں رہ گیا ہے۔

مجھے ایسے افراد پر بہت تعجب ہوتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام یا کسی اور معصوم کی زیارت کرتے ہیں اور یہ گمان کرتے ہیں کہ میں نے جس معصوم کی زیارت کی ہے اس کے پاس اس زیارت کی وجہ سے میرا حق ثابت ہوگیا ہے۔ گویا کہ اس نے معصوم کی زیارت کر کے معصوم پر احسان کیا ہے۔ لہٰذا معصوم پر میرا حق ہے۔ حالانکہ حقیقت میں معصوم نے اس پر احسان کیا ہے اور اُسے اپنی زیارت کا شرف بخشا ہے اور اپنی ضریح کے سامنے کھڑے ہونے کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ زیارت کرنے والے کو سب سے پہلے خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اس نے اُسے کسی معصوم کی زیارت کی توفیق عطا کی ہے اور پھر اس کے بعد جس معصوم کی زیارت کر رہا ہے اس کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیے کہ اُسے حرم میں داخل ہونے اور زیارت کرنے کی اجازت عطا فرمائی ہے۔

الحرمین ٹریولز کے مالک و آرگنائزر سید نوازش رضا کی سفر زیارات حج و عمرہ، زیارات مقدسہ کے لیے دیرینہ خدمات قابل تعریف ہیں۔ ان کی جانب سے ہر سال فروری میں کاروان عاشقان حسینؑ جاتا ہے۔ جس کے اخراجات عام سفر سے نصف ہیں۔ ایسے بہن بھائی بزرگ جو عرصہ سے زیارات مقدسہ کے خواہش مند ہیں۔ ان کو میرا مشورہ ہے کہ وہ ان سے ضرور رجوع کریں۔ خواہ ان کا تعلق پاکستان کے کسی بھی قصبہ، شہر سے ہی کیوں نہ ہو۔ 021-32784500

خدا کیلئے جانے کی باتیں جانے دو

یکم فروری اپنے ماہانہ پروگرام کراچی آنا ہوا تو شارع فیصل پر جنرل راحیل شریف کی متعدد تصاویر کے ساتھ لکھا تھا "خدا کے لیے جانے کی باتیں جانے دیں" بلاشبہ جنرل صاحب کے آنے کے بعد پاکستانی قوم عدم احساس تحفظ سے نکل کر احساس تحفظ میں داخل ہورہی ہے۔ عالمی جنگی حالات بھی بدل گئے ہیں، پہلے جنگیں سرحدوں پر ہوا کرتی تھیں اور اب ملک دشمن قوتوں نے اندرون ملک ہی دہشت گردی کا ایسا بازار گرم کررکھا ہے، جس سے ملک کا کوئی طبقہ بھی محفوظ نہیں ہے۔ بحیثیت منجم گذشتہ سال سے لوگوں نے یہ سوال پوچھنا شروع کردیا تھا کہ جنرل کا مستقبل کیا ہے؟ زنجانی جنتری 2016ء، صفحہ نمبر 28 پر ہم نے جنرل صاحب کے زائچہ پر روشنی ڈالی تھی۔ ہماری پیش گوئی کے مطابق انہوں نے اپنی مقررہ وقت پر ریٹائرمنٹ لینے کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اُن کی میزانی انصاف پسند شخصیت کی عکاسی کرتی ہے۔ قارئین کی دلچسپی کے لیے دوبارہ پیش گوئی شائع کی جارہی ہے، ابھی اسی پیش گوئی کا کچھ حصہ باقی ہے۔

سابق وفاقی وزیر حج و مذہبی امور حاجی محمد حنیف طیب صاحب نے سید انور فراز صاحب کے صاحبزادے کی شادی پر مندرجہ بالا سوال کیا؟ ہر محب وطن پاکستانی کا یہی سوال ہے؟ جنرل صاحب اور پاکستان کے زائچہ سے جواب اخذ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ زائچہ پاکستان میں تعمیر و ترقی کے دس سالہ دور اکبر قمر کی ابتداء 5 ستمبر 2015ء سے شروع ہوچکی ہے، جو 4 ستمبر 2025ء تک جاری رہے گی۔ یہ بھی دور استحکام پاکستان کے تعمیر و ترقی کا دور دکھائی دیتا ہے۔ پاکستان میں مضبوط بلدیاتی نظام آنے سے عدل و انصاف کے سبب عوامی مسائل حل ہونے لگیں گے۔ ملکی زراعت، معیشت بہتر ہو، نئے معدنیاتی ذخائر، ملکی تقدیر بدلنے میں اہم ثابت ہوں۔ پاک چائنا اقتصادی راہداری جس کی ابتداء ہوچکی ہے۔ اسکے نئے راہداری کے راستوں پر نئے کارخانے لگنے سے بیروزگاری میں کمی آئے۔ قمر سے منسوب نمبر 2 کی نسبت سے دو۔ سال 2016ء، 2017ء ملک میں انرجی کرائسس بھی حتی الامکان ختم ہونے سے ملکی کارخانوں میں معیشت کا پہیہ بھی دوڑنے لگے گا۔ زنجانی جنتری 2013، 2014، 2015ء کی پیش گوئیوں کے مطابق قدرت نے پاکستان کا نظام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے۔ اس کی ابتداء دانشور جنرل راحیل شریف کی تعیناتی سپہ سالار پاکستان کی شکل میں سامنے آچکی ہے۔ پاکستانی چند سال قبل کا اور آج 2016ء کا پاکستان محسوس کرسکتا ہے۔

2016ء ٹرننگ پوائنٹ سال کے آخر میں جنرل راحیل شریف کی ایکسٹینشن کے حوالے سے آسکتا ہے کیوں کہ قمس کے سب پیریڈ میں اس وقت زائچے کی ٹرانزٹ پوزیشن اچھی نہیں ہوگی لہٰذا انہیں مزید تین سال کے لیے ایکسٹینشن دینے کا معاملہ تنازعات کا شکار ہوسکتا ہے، پاکستان کی کرپٹ سیاسی اشرافیہ شاید انہیں مزید برداشت کرنے کے لیے تیار نہ ہو، ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

عام طور پر میزانی افراد امن پسند اور فتنہ فساد سے دور رہنے والے مشہور ہیں، وہ کسی اختلافی اور متنازع صورت حال سے دور رہنا پسند کرتے ہیں لیکن جنم راشی حمل ہے جس کا حاکم ڈائنامک سیارہ مریخ ہے اور چھترا شونی پر حکمران غضب ناک کیتو ہے، زائچے میں ساسا یوگ موجود ہے، یہ تمام عوامل مخالفانہ صورت حال کے مقابل ڈٹ جانے کی نشان دہی کرتے ہیں لیکن یہ اسی صورت میں ہوگا جب وہ یہ خیال کریں کہ ابھی ان کا کام ختم نہیں ہوا، بہ صورت دیگر وہ ریٹائرمنٹ لے کر خوشی محسوس کریں گے تاکہ باقی زندگی کو صبر و سکون سے انجوائے کرسکیں۔

جنرل مشرف کے بعد اور جنرل کیانی صاحب کے دور میں سیاسی حلقے مسلسل فوج کو ملک کے مسائل کا ذمے دار قرار دیتے رہے، دونوں سابق جنرل صاحبان کا دور فوج کے لیے بعض بدنامیوں کا باعث رہا لیکن جنرل راحیل شریف نے بہت کم مدت میں فوج کا کھویا ہوا وقار بحال کیا اور سیاست دانوں کے مقابلے میں آج انہیں جو عوامی مقبولیت حاصل ہے، وہ شاید ان سے پہلے کسی جنرل کو نہ ملی ہوگی چناں چہ عوامی مطالبہ بھی یہ ہوسکتا ہے کہ انہیں مزید تین سال کے لیے فوج کی سربراہی کا موقع دیا جائے اور ظاہر ہے عوامی مطالبہ زیادہ اہمیت رکھتا ہے لیکن بہر حال آئندہ سال اگست سے اکتوبر تک ان کے لیے ایک سخت وقت ہوگا لیکن زیادہ امکان یہی ہے کہ زائچے کے دیگر موافق نظرات ان کی مدت ملازمت میں توسیع کا باعث ہوں گے۔

1965ء اور 1971ء کی طرح 2016ء دفاع پاکستان کے لحاظ سے ایک اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ ایسے سپہ سالار کی موجودگی قوم کے لیے حوصلے کا باعث بنے۔ یوں بھی ان کی عزت و مقبولیت کا گراف پاکستان اور عالمی سطح پر نہایت نمایاں ہے۔ پاکستانی تاریخ میں جنرل راحیل شریف ایسے جنرل ہیں جن کی موجودگی میں مسئلہ کشمیر بھی حل ہوسکتا ہے اور ان کی باعزت رخصتی اس انداز سے ہوگی کہ یہ جاتے جاتے اپنے سپاہیانہ انداز سے اپنے پیچھے پاک افواج میں ایک درجن جنرل راحیل شریف چھوڑ جائیں گے۔

پاکستانی سیاست کے بدلے رنگ

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

اسمبلی میں سیر کو سوا سیر کرنے والی جماعت ایم کیو ایم کا مستقبل علم نجوم کی روشنی میں۔ صفائی اور اصلاح احوال کا عمل پورا سال جاری رہے گا

سندھ کی سیاست میں ایک نیا بھونچال سابق میئر کراچی مصطفیٰ کمال کی ایک دھماکہ خیز پریس کانفرنس سے شروع ہوچکا ہے، انہوں نے انیس قائم خانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے خصوصی طور پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو خصوصی تنقید کا نشانہ بنایا اور ایم کیو ایم سے علیحدگی اور ایک نئی پارٹی بنانے کا ارادہ ظاہر کیا، کہا جارہا ہے کہ ایم کیو ایم کے مزید رہنما بھی در پردہ ان کے ساتھ ہیں اور عنقریب ان کے ساتھ اپنی وابستگی کا اعلان کردیں گے، ڈاکٹر صغیر احمد، وسیم آفتاب اور افتخار عالم نے یہ کام کردیا ہے، انہوں نے اپنی پریس کانفرنس میں جناب الطاف حسین پر بہت سے الزامات لگائے ہیں جن میں سرفہرست بھارتی خفیہ ایجنسی را سے خصوصی تعلقات کا الزام ہے، حالاں کہ یہ الزامات اس سے پہلے بھی لگتے رہے ہیں لیکن پہلی بار کسی پارٹی ممبر نے یہ الزام لگایا ہے، بہر حال اس پریس کانفرنس کے بعد سیاسی اور صحافتی محاذ پر نئی سرگرمیاں، نئے انکشافات اور نئے تبصرے سامنے آرہے ہیں، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اپنے طور پر اس صورت حال سے نمٹنے کی کوشش کررہی ہے، وہ ایسے الزامات کی تردید کررہے ہیں، دوسری طرف لندن سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق جناب الطاف حسین کی طبیعت سخت ناساز ہے، ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے۔

برتھ چارٹ ایم کیو ایم

ہمارے قارئین کو یاد ہوگا کہ 2013ء کے انتخابات سے قبل ہم نے پاکستان کی تمام نمایاں سیاسی پارٹیوں کے زائچے خاصی تحقیق اور جستجو کے بعد تیار کیے تھے جو اسی کالم میں شائع ہوئے تھے، اس کے بعد بھی وقتاً فوقتاً ان زائچوں کی روشنی میں ہم مختلف پارٹیوں کے بارے میں اظہار خیال کرتے رہے ہیں، 2013ء ہی میں ہم نے ایم کیو ایم کے حوالے سے لکھا تھا کہ اس سال سے ایسا وقت شروع

ہو رہا ہے جب ایم کیو ایم ایک انقلابی تبدیلی کے دور میں داخل ہورہی ہے اور آئندہ 2017ء تک ایم کیو ایم کو اپنی بقا کی جنگ لڑنا ہوگی، چناں چہ ایسا ہی ہوا، 2013ء ہی سے پارٹی کا اندرونی خلفشار نمایاں ہونے لگا، رابطہ کمیٹیاں ٹوٹتی اور بنتی رہیں، ایم کیو ایم کے بعض نمایاں رہنما پارٹی سے کنارہ کشی اختیار کرکے دبئی چلے گئے یا کسی اور ملک جا کر بیٹھ گئے، بعض نے خاموشی اختیار کرنے ہی میں عافیت سمجھی، 2014-15ء بھی ایسے ہی خلفشاری سال تھے، آخر نوبت یہاں تک آگئی کہ جناب الطاف حسین کی تقاریر و تصاویر پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔

تازہ صورت حال کا تقاضا ہے کہ ایم کیو ایم کے زائچے پر ایک نظر ڈال لی جائے، حالاں کہ ہم عام طور پر اپنے قارئین کی فرمائش کے باوجود سیاسی پارٹیوں اور سیاسی قائدین کے زائچے پر اظہار خیال سے گریز کرتے ہیں کیوں کہ ہمارے ملک میں موجود نام نہاد جمہوریت درحقیقت ایک جمہوری ڈکٹیٹر

شپ ہے، یہی صورت حال نام نہاد جمہوری پارٹیوں کی بھی ہے اور عدم برداشت کا مسئلہ بہت حساس ہے۔

ہمیں نہیں معلوم کہ پاکستان کے دیگر ماہرین نجوم کی نظر میں ایم کیو ایم کا زائچہ کیا ہے؟ ہماری اپنی تحقیق کے مطابق موجودہ متحدہ قومی موومنٹ کا قیام 26 جولائی 1997ء شام 05:40 پر ہوا جب مرحوم جناب اشتیاق اظہر نے ایک پریس کانفرنس میں مہاجر قومی موومنٹ کو متحدہ قومی موومنٹ بنانے کا اعلان کیا، اس تاریخ اور وقت کے مطابق ایم کیو ایم کا طالع پیدائش برج قوس اور حاکم سیارہ مشتری ہے جو زائچے کے دوسرے گھر میں اپنے برج ہبوط میں نہایت خراب پوزیشن میں ہے، جس وقت متحدہ قومی موومنٹ کا قیام عمل میں آیا ،وہ ایک نہایت سخت دور سے گزر رہی تھی، زائچے میں کیتو کا دور اکبر اور راہو کا دور اصغر جاری تھا اور وہ ریاستی آپریشن کا شکار تھیں۔

زائچے کے دوسرے اور تیسرے گھر کا مالک سیارہ زحل چوتھے گھر برج حوت میں کمزور ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ پارٹی کے فیصلے اور اقدام بروقت اور برمحل نہیں ہوتے، وقت گزرنے کے بعد احساس کیا جاتا ہے کہ کیا ہونا چاہیے تھا جو نہیں ہوا، زائچے کا پانچواں گھر جو عقل و شعور سے متعلق ہے، برج حمل ہے، اس کا حاکم سیارہ مریخ بھی زائچے میں کمزور ہے، کسی بھی زائچے میں نواں گھر نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیوں کہ اسے قسمت کا گھر بھی کہا جاتا ہے، نویں گھر پر برج اسد قابض ہے اور اس کا حاکم سیارہ شمس زائچے کے آٹھویں گھر میں مصیبت میں ہے، زائچے کے دسویں اور گیارھویں گھروں کی پوزیشن بے حد مضبوط اور طاقت ور ہے، دسویں گھر پر برج سنبلہ اور گیارھویں گھر پر برج میزان قابض ہے اور ان کے حاکم عطارد اور زہرہ زائچے کے نویں گھر میں نہ صرف یہ کہ طاقت ور پوزیشن رکھتے ہیں بلکہ باہم قران میں ہیں۔

زائچے کا دسواں گھر پارٹی سربراہ اور ان کی کابینہ یعنی رابطہ کمیٹی کی بھی نشان دہی کرتا ہے اور گیارھواں گھر فوائد کا گھر کہلاتا ہے، ان گھروں کی مضبوطی سے پارٹی کو اقتدار میں آنے اور فوائد حاصل کرنے کے مواقع ملے اور پارٹی سربراہ کی پوزیشن بھی مضبوط اور مستحکم رہی۔

2 فروری 2001ء سے زائچے میں سیارہ زہرہ کا دور اکبر اور دور اصغر شروع ہوا تو پارٹی 2002ء کے الیکشن میں کامیاب ہو کر اقتدار کے ایوان میں داخل ہوگئی، زہرہ ہی کے دور اکبر میں سیارہ شمس کا دور اصغر 3 جون 2004ء سے شروع ہوا اور 3 جون 2005ء تک جاری رہا، شمس پارٹی کی قسمت کا نمائندہ ہے لیکن خراب گھر میں ہونے کی وجہ سے اس عرصے میں پارٹی کی کارکردگی وہ نہیں رہی جو ہونا چاہیے تھی، پارٹی مکمل طور پر اسٹیبلشمنٹ کے زیر اثر رہی، عوامی فلاح و بہبود کے لیے کوئی خاص کارکردگی سامنے نہیں آئی۔

3 جون 2005ء سے زائچے میں سب سے منحوس سیارہ قمر کا دور اصغر شروع ہوا جو 2 فروری 2007ء تک رہا، اس دور میں بھی بظاہر سب کچھ ٹھیک تھا لیکن پارٹی نے عوامی مسائل کے حل کے سلسلے میں سوائے سڑکیں اور پل بنوانے کے اور کچھ نہیں کیا، تعلیم، صحت، پانی جیسے دیگر مسائل، کوٹہ سسٹم کا خاتمہ وغیرہ پر کوئی توجہ نہیں دی، قصہ مختصر یہ ہے بالآخر پیپلز پارٹی کا دور حکومت شروع ہوا تو 3 اپریل 2008ء سے پارٹی زائچے میں راہو کا دور شروع ہو چکا تھا اور یہ دور بھی زیادہ نقصان دہ نہیں تھا کیوں کہ راہو زائچے کے نویں گھر میں ہے لیکن بڑا دھوکے باز ہے اور سیاست کا ستارہ ہے چناں چہ اس دور میں جو 4 اپریل 2011ء تک جاری رہا، سیاسی فریب کاریاں جاری رہیں، پارٹی اور حکومت کے درمیان دلچسپ سیاسی داؤ پیچ دیکھنے میں آئے لیکن یہ سب عوام اور کراچی کے مسائل کے لیے ہرگز مناسب نہیں تھے، بلدیاتی انتخابات کو پس پشت ڈالا گیا، اسی دور میں بعض دیگر بھیانک نوعیت کے مسائل میں اضافہ ہوا، ٹارگٹ کلنگ اور اسٹریٹ کرائم کی شرح بڑھتی چلی گئی اور بالآخر رینجرز کو دعوت دینا پڑی۔

4 اپریل 2011ء سے مشتری کا دور اصغر شروع ہوا جو 3 دسمبر 2013ء تک جاری رہا، مشتری ہبوط یافتہ ہے، اس دور میں جیسے تیسے پارٹی الیکشن جیتنے میں کامیاب ہوگئی لیکن پارٹی کے اندر خرابیاں جنم لیتی رہیں، مشتری پارٹی کا ستارہ ہے، اس کی خراب پوزیشن، اس کے دور میں خرابیوں کو ہی جنم دے گی، اسی لیے ہم نے 2013ء میں کہا تھا کہ اب پارٹی کی بقا کا مسئلہ سامنے آنے والا ہے اور پھر دسمبر تک ایسا ہی ہوا، اس وقت کے واقعات دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

3 دسمبر 2013ء سے سیارہ زحل کا سب پیریڈ جاری ہے، زحل دوسرے اور

تیسرے گھروں پر حکمران ہے، زائچے میں چوتھے گھر میں قابض اور زہرہ چارٹ میں ساتویں گھر میں ایک اہم یوگ بنا رہا ہے، دوسرا اور چوتھا گھر فیملی یعنی اندرونی اور باہمی تعلقات سے متعلق ہے، تیسرا گھر پہل کاری، اقدام اور ذہنی سوچ کا گھر ہے، چناں چہ اسی دور میں بہت سے اختلافات نمایاں ہو کر سامنے آنے لگے اور ایک اصلاحی عمل کی ضرورت محسوس کی جانے لگی، دبی دبی زبان میں اکثر پارٹی ممبر اپنی مختلف ذہنی سوچ کا اظہار کرنے لگے، زیادہ خرابی اس وقت شروع ہوئی جب نومبر 2014ء میں سیارہ زحل زائچے کے بارھویں گھر میں داخل ہوا اور تاحال اسی گھر میں مقیم ہے، جب کہ سیارہ مریخ بھی بارھویں گھر میں داخل ہو چکا ہے اور یہ دونوں اگست تک باہم قران بھی کریں گے جو یقیناً اہم ثابت ہوگا۔

اس سال کی سب سے اہم سیاروی نظر 10 جنوری سے شروع ہوئی یعنی پارٹی زائچے کا حاکم سیارہ مشتری راہو کیتو محور میں پھنس کر رہ گیا اور تقریباً 20 مارچ تک یہ پوزیشن برقرار ہے، راہو کیتو سازش اور انتشار کی نشان دہی کرتے ہیں، راہو اور مشتری زائچے کے نویں گھر میں ہیں جو قسمت کا گھر بھی ہے اور آئینی و قانونی معاملات سے بھی متعلق ہے، گویا پارٹی کے بنیادی نظریات پر بھی مشتری راہو اور کیتو کی موجودہ پوزیشن بری طرح اثر انداز ہو رہی ہے، اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے، پارٹی سے متعلق افراد ہی میں سے ایک نئی پارٹی وجود میں لائی جا رہی ہے۔

دسویں گھر کا حاکم سیارہ عطارد ہے اور اس کی سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ سال میں ایک سے زیادہ مرتبہ طلوع و غروب کے مرحلے سے گزرتا ہے اور اکثر منحوس اثرات کا شکار ہوتا رہتا ہے، 7 مارچ سے عطارد غروب ہے اور آئندہ 7 اپریل تک غروب رہے گا، اس کی خراب پوزیشن پارٹی سربراہ اور ان کے رفقاء کے لیے سخت وقت کی نشان دہی کرتی ہے، شاید اسی لیے جناب الطاف حسین کی خرابیٔ صحت سے متعلق خبریں بھی آ رہی ہیں اور رابطہ کمیٹیاں بھی پریشان و سراسیمہ ہیں، جناب فاروق ستار نے اس صورت حال میں مناسب یہی سمجھا ہے کہ کراچی سے کچرے کے ڈھیر صاف کر دیے جائیں، گویا صفائی کا عمل ہر سطح پر شروع ہو چکا ہے، صفائی، اصلاح احوال کا عمل بدستور آئندہ سال 2 فروری 2017ء تک جاری رہے گا، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ پارٹی کے اندر سے ایک دوسری پارٹی نکل آئے، ایسا تو پہلے بھی ہو چکا ہے۔

11 مارچ سے یکم ستمبر تک ایسا وقت ہے جس میں سیاسی داؤ پیچ جاری رہیں گے لیکن تقریباً 15 جولائی سے ایک بار پھر ایم کیو ایم خبروں میں نمایاں ہوگی اور پھر اسے اپنی بقاء کے مسائل درپیش ہوں گے (واللہ اعلم بالصواب)

بقیہ: عالمی و سیاسی حالات اپریل 2016ء

اندیشہ، مزدور طبقہ اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج سروسز اداروں میں ملک دشمن عناصر بے چینی پیدا کرنے کی سازشیں کریں۔ ہنگامے، ہڑتالیں، بغاوت، سازشوں پر عوام کو اُکسائیں۔ ہم خیال سیاسی پارٹیوں کا اعتماد بنے۔ وتد السماء حکومت کے گھر یورانس زہرہ طالع کے درجات پر ہونے سے غیر متوقع حکومتی اداروں میں ڈویلپمنٹ کی نشان دہی حکومت نے حکومت چلانے میں احتیاط کا مظاہرہ نہ کیا تو حکومت کے مستعفی ہونے کے لیے اچانک سیاسی عوامی دباؤ بڑھے۔ اسمبلی کے اندر اقتدار کی اپریل مئی تبدیل کے لیے دباؤ رہے۔ حکمرانوں وزیروں پر غیر متوقع حملے اور حادثات بعید از قیاس نہیں ہیں۔

دیگر ممالک: ایران پر سے عالمی تجارتی پابندی نرم ہونے سے دوست ممالک خصوصاً پاکستان سے تجارت ثقافت میں اضافہ اور اپنے ملکی دفاع کے لیے عسکری تربیت و قوت بڑھائے۔ جاپان امریکہ خطے کی صورت حال کے سبب ایک دوسرے سے عسکری تعاون بڑھائیں۔ چین کے دفاعی بجٹ میں اضافہ سے امریکی تشویش، شمالی کوریا کے جوہری ہتھیار چلانے کی حالیہ دھمکی سے خطہ کے ممالک خصوصاً امریکہ (پینٹاگون) خفیہ ادارے سرگرم رہیں۔ یورپی یونین، شام اور مڈل ایسٹ سے آئے مہاجرین کی بحالی میں دلچسپی لے اور مزید غیر قانونی طور سے آنے والوں کی سختی سے روک تھام کرے۔ امریکی انتخابات 2016ء اندرون ملک سیاسی سرگرمیوں میں بتدریج اضافہ، ڈونلڈ ٹرمپ اور ہیلری کلنٹن کی سیاسی سبقت مزید بڑھے۔ شام میں قیام امن کے لیے دوست ممالک کے ساتھ سپر پاورز کی دلچسپی بڑھے۔ داعش کی بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے خلاف اقوام عالم، اتحادی ممالک سخت اقدامات اُٹھائیں۔

حضرت علی علیہ السلام

از تحریر: سید محمد علی زنجانی

نام: علی　　معروف لقب: امیر المومنین　　کنیت: ابوالحسن

والد: ابوطالب　　والدہ: فاطمہ بنت اسد

ولادت: تیرہ رجب بعثت سے دس سال قبل

جائے ولادت: کعبہ کے اندر

خلافت ظاہرہ کی مدت: ۳۶/ ہجری تا ۴۰/ ہجری (تقریباً چار سال نو ماہ)

مدت امامت: ۳۰/ سال

شہادت: ۱۹ رمضان ۴۰/ ہجری قمری کو بوقت سحر ابن ملجم نے آپ کے سر اقدس پر کاری ضرب لگائی جس کی وجہ سے ۲۱ رمضان کی شب ۶۳ سال کی عمر میں کوفہ میں شہادت پائی۔　　مرقد مطہر: نجف اشرف

کعبہ امام علیؑ کی جائے ولادت

حضرت علیؑ ۱۳ رجب، بعثت سے دس سال قبل بروز جمعہ صبح کے وقت مکہ میں خانہ کعبہ کے اندر پیدا ہوئے اور آپؑ کی زندگی کے بے نظیر افتخارات و امتیازات میں سے ہے کہ آپ کی ولادت باسعادت مقدس ترین مقام یعنی کعبہ کے اندر ہوئی ہے۔

امام علیؑ کے والد بزرگوار کی شخصیت

حضرت ابوطالب، امام علیؑ کے والد بزرگوار تھے۔

حضرت ابوطالب کی جانب سے بعثت سے قبل یا بعثت کے بعد ۴۲ سال تک مسلسل پیغمبر اکرم ﷺ کی مدد اتنی زیادہ اہمیت کی حامل ہے کہ آپ کے وسیع و عمیق ایمان کے بارے میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں اگر ترازو کی ایک رکات میں ایمان ابوطالب اور دوسری رکاب میں تمام مخلوق کے ایمان کو رکھ دیا جائے تو ایمان ابوطالب سب پر بھاری رہے گا۔

حضرت علیؑ کی والدہ ماجدہ

حضرت علیؑ کی والدہ ماجدہ فاطمہ بنت اسد سب سے پہلے اسلام کی طرف قدم بڑھانے والوں میں سے تھیں۔ جب حضرت ابوطالب پیغمبر اکرم ﷺ کی سرپرستی و دیکھ بھال فرما رہے تھے، فاطمہ بنت اسد ماں کی طرح آنحضرتؐ پر مہربان تھیں۔

پیغمبر اکرم ﷺ نے بھی جب ابوطالب بنت اسد کا انتقال ہوا تو نہایت احترام اور خصوصی آداب کا اظہار کیا اور حضرت علیؑ سے فرمایا: اگر وہ تمہاری والدہ تھیں تو میری بھی والدہ تھیں۔

سایۂ پیغمبر میں حضرت علیؑ کی تربیت

بعثت سے چند سال قبل خشک سالی کی وجہ سے پورے حجاز میں قحط پڑ گیا تو حضرت علیؑ اس کے بعد پیغمبر اکرم ﷺ کے بیت الشرف میں زندگی بسر کرنے لگے اور رات دن پیغمبر اکرم ﷺ کی خاص نگرانی و سرپرستی میں تربیت پاتے رہے۔

حضرت علیؑ جنگ خندق میں

۵/ ہجری کے واقعات میں سے ایک اہم واقعہ جنگ خندق ہے۔ پیغمبر اکرم ﷺ کے خبر رساں اور اطلاعات پہنچانے والے سپاہیوں نے آنحضرت ﷺ کو یہ خبر دی کہ مختلف قبائل پر مشتمل تقریباً دس ہزار فوج کا لشکر اسلام اور مسلمانوں کے خاتمہ کے لئے مکہ سے آرہا ہے۔ پیغمبرؐ نے فوراً اپنے بزرگ اصحاب کو مشورے کے لئے جمع کیا۔ انہی اصحاب میں سے جناب سلمان فارسیؓ نے یہ مشورہ دیا کہ مدینہ میں داخل ہونے والے تمام راستوں پر خندق کھود دی جائے۔ جناب سلمان کے اس مشورے کو بہت پسند کیا گیا (خندق اس عمیق و طولانی گہرائی کو کہا جاتا ہے جسے دشمن کے حملوں سے بچنے کے لئے علاقے کے چاروں طرف کھودا جاتا ہے) جب شہر کا محاصرہ کئے ہوئے کچھ وقت گذر گیا اور دشمن کوئی کاروائی نہ کر سکا تو دشمن کا ایک سپاہی جس کا نام عمر بن عبدود تھا، خندق عبور کرنے میں کامیاب ہو گیا اور فوج اسلام کے روبرو آ کر کھڑا ہو گیا عمر بن عبدود عرب بہت مشہور نامی گرامی پہلوان تھا جو ہزار ہزار آدمیوں سے تنہا جنگ کر لیتا تھا اور مد مقابل کو للکار للکار کر حملہ کرتا تھا۔

حضرت علیؑ، پیغمبر اکرم ﷺ سے اجازت حاصل کرنے کے بعد میدان کارزار میں پہنچے! جب حضرت علیؑ عمر بن عبدود کے سامنے آئے تو دونوں میں شدید جنگ ہوئی کہ زمین سے اٹھنے والے غبار میں دونوں چھپ گئے۔

جابر عبداللہ انصاری کہتے ہیں: ناگہاں میں نے حضرت علیؑ کی تکبیر کی آواز سنی تو میں سمجھ گیا کہ انھوں نے عمرو کو قتل کر دیا۔

حضرت علیؑ کے ہاتھوں اس پہلوان کے قتل کے ذریعہ سپاہ اسلام کو دشمن کے مقابلے میں کامیابی نصیب ہوئی۔ پیغمبر اکرم ﷺ نے اس موقع پر فرمایا: خندق کے دن دشمن پر علیؑ کی ایک ضربت جن وانس کی عبادتوں سے افضل ہے۔

غدیر خم میں امام علیؑ کی ولایت کا اعلان

سن ۱۰/ ہجری کو ذی الحجہ کے مہینہ میں پیغمبر اکرم ﷺ اپنے اصحاب کے ہمراہ مراسم حج تمام کرنے کے بعد جب مدینہ کی طرف رواں دواں ہوئے تو غدیر خم کے چلتے ہوئے لق ودق صحرا میں پہنچے۔

اس آنحضرت ﷺ کے ہمراہ حاجیوں کی تعداد ۹۰ ہزار سے ایک لاکھ چوبیس ہزار تک بیان کی گئی ہے۔

اس مقام پر پیغمبر اکرم ﷺ کے پاس فرشتہ وحی نازل ہوا اور اس نے سورہ مائدہ کی ۶۷ ویں آیت کی تلاوت کی < يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ > "اے پیغمبر! پروردگار کی جانب سے جو آپ کو حکم دیا جا چکا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دیجئے اگر آپ نے یہ کام انجام نہ دیا تو گویا رسالت کا کوئی کام ہی انجام نہ دیا اور خدا آپ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا"۔

نماز ظہر کے پیغمبر اکرم ﷺ کے حکم سے اونٹوں کے کجاووں کا منبر تیار کیا گیا پھر آنحضرتؐ منبر پر تشریف لائے اور ایک عظیم خطبہ دیا پھر فرمایا: مسلمانوں کی جانوں پر سب سے زیادہ کس کا حق ہے؟

سب نے ایک زبان ہو کر کہا: خدا اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: خدا میرا مولی اور رہبر ہے اور میں مومنین کا مولی اور رہبر ہوں اور مسلمانوں پر خود ان سے زیادہ میرا حق ہے پھر آپ نے حضرت علیؑ کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور اتنا بلند کیا کہ سب لوگ انھیں اچھی طرح پہچان لیں پھر فرمایا: "من كنت مولاه فهذا على مولاه" میں جس جس کا مولی اور رہبر ہوں یہ علیؑ بھی اس کے مولا اور رہبر ہیں۔

حضرت علیؑ کے بارے میں پیغمبر کی آخری وصیت

پیغمبر اکرم ﷺ شدید مریض ہو گئے پھر جب طبیعت کچھ بہتر ہوئی تو آپؐ نے اپنے گرد جمع لوگوں سے فرمایا: ذرا میرے بھائی وہمدم کو بلا لاؤ پیغمبر اکرم ﷺ کی نیک دل زوجہ جناب ام سلمہ نے کہا: علیؑ کو بلا لاؤ کیونکہ پیغمبر اکرم ﷺ صرف علیؑ کو ہی بلانا چاہتے ہیں۔

حضرت علیؑ کو بلایا گیا تو آپ تشریف لے آئے آنحضرت ﷺ نے مولا علیؑ کو دیکھ کر قریب آنے کا اشارہ کیا جب مولاؑ قریب آئے تو آنحضرت ﷺ نے مولا علیؑ کو سینہ سے لگا لیا اور بہت دیر تک گفتگو کرتے رہے جب گفتگو ختم ہو گئی تو حاضرین نے حضرت علیؑ سے پوچھا: پیغمبر ﷺ نے آپؑ سے کیا کہا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: پیغمبر اکرم ﷺ نے مجھے علم کے ہزار باب تعلیم کئے ہیں۔

شہادت حضرت علیؑ

حضرت علیؑ معمول کے مطابق گھر سے مسجد کے لئے علی الصادق نکلے، مسجد میں داخل ہوئے اور محراب میں پہنچ کر صبح کی نافلہ نماز میں مشغول ہو گئے ابھی آل رکعت اول کے سجدے سے سر اٹھانا ہی چاہتے تھے کہ ابن ملجم تاریکی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے محراب کے قریب آگیا اور حضرت علیؑ کے سر مبارک پر اتنی زور سے تلوار ماری کہ پیشانی تک اپ کا سر مبارک کٹ گیا۔

اس موقع پر حضرت علیؑ نے فرمایا: "بسم الله وبالله وعلى ملة رسول الله فزت ورب الكعبه" شروع کرتا ہوں اور اللہ کے نام سے، اللہ کے لئے اور دین رسول خدا پر قائم رہتے ہوئے رب کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا پھر آپؑ نے محراب سے خاک اٹھا کر اپنے زخم پر چھڑکی اور اس آیت کی تلاوت فرمائی <منها خلقنكم وفيها نعيدكم نخرجكم تارة اخرى> "ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا ہے، اسی میں لوٹا دیں گے اور پھر دوبارہ مٹی سے واپس پلٹائیں گے اس طرح امام خون میں غرق ہو گئے، اصحاب وانصار نے سہارا دیکر گھر تک پہنچایا اور مولا کو آہستہ سے بستر پر لٹا دیا گیا۔

قابل توجہ بات یہ ہے کہ مولاؑ نے اتنے بڑے بڑے کارنامے انجام دیئے لیکن کبھی آپؑ نے یہ نہیں فرمایا: "فزت ورب الكعبه" لیکن جب ندائے خوشنودی خدا اور عاقبت بخیر سنائی دی تو آپؑ نے فوراً فرمایا: "رب کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا آپؑ شدید درد کے باوجود آہ وفریاد تک نہیں کی بلکہ یہی فرمایا: کعبہ کے رب کی قسم میں کامیاب ہو گیا۔

درود ہو اس قوم وملت پر جس کا اتنا عظیم رہبر ورہنما ہو۔

وہ دعائے نادِ علیؑ ہے جو ہر کسی کے کام آئے

تمام انبیاءؑ نے علیؑ سے مدد مانگی۔ رسولؐ نے جب اللہ سے مدد مانگی، تب جبرائیلؑ نے یہ دعا لاکر رسولؐ کو تعلیم کرائی۔ علیؑ سے مدد مانگنا اللہ سے مدد مانگنا ہے اور سنت بھی ہے۔

1۔ انبیاء وآئمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت: اگر کوئی شخص جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآئمہ طاہرین علیہم السلام کے انوارِ جمال کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہو تو شب جمعہ شروع ماہ زائد النور میں بوقت شب ہزار مرتبہ نادِ علی پڑھے اور نمازِ عشاء و دو رکعت نماز نافلہ کے بعد غسل کرکے لباس پاک ونو پہنے اور خوشبو لگائے بفضلہٖ تعالیٰ خواب میں زیارت سے مشرف ہوگا۔

نوٹ: اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کی تلاوت کرے۔

2۔ حصول علم وحکمت: جو شخص ہر روز (77) مرتبہ نادِ علی پڑھے تو ابواب علوم و رحمت اس پر ظاہر ہوں گے۔ اگر ہر صبح ایک سو چالیس (140) مرتبہ نادِ علی پڑھے تو علم وحکمت اس کے دل میں پیدا ہوں گے۔

3۔ کشف اسرار: ہر روز (70) مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے اسرار ظاہر ہوں گے۔ اگر کوئی شخص ایک سو چالیس (140) مرتبہ اور اگر یہ ممکن نہ ہو (70) مرتبہ نادِ علی پڑھے گا تو اس پر امورِ غیب ظاہر ہوں گے اور وہ روز بروز عجائب وغرائب دیکھے گا۔

4۔ دفع امراض کے لئے: کوئی شخص ایسا بیمار ہو جس کے علاج سے اطبا عاجز ہوگئے ہوں تو آب باراں یا آبِ چاہ پاک پر (70) مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلایا جائے بفضلہٖ تعالیٰ اس کو شفا ہوگی۔

(1) جو شخص بیماری کے باعث ضعیف وناتواں ہوگیا ہو اور ضعیف بدن رکھتا ہو تو نادِ علی ہر روز ستر (70) مرتبہ پڑھے اس کا ضعیف دُور ہوجائے گا۔

(2) ہر روز دس مرتبہ نادِ علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے لاعلاج مرض دُور ہوتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہٗ عوناً لک

فی النوائب کل ہمٍ و غمٍ سینجلی بعظمتک یا اللہ

بنبوتک یا محمد بولایتک یا علی یا علی یا علی مدد

نادِ علیؑ

(3) نمازِ عصر کے بعد ہر روز پچیس (25) مرتبہ نادِ علی پڑھنے والا شخص ہرگز بیمار نہ ہوگا۔

(4) ہر روز نمازِ مغرب کے بعد اٹھائیس (28) مرتبہ نادِ علی پڑھنے

زندگی میں پہلی مرتبہ حرم مولا علیؑ کی جالیاں پکڑ کر مجھے دعائے نادِ علیؑ پڑھنے کی سعادت ملی۔ (شاہ زنجانی)

سے جسم کی تمام بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔

(5) مریض کو جب بھی پانی پلایا جائے تو اس پر نادِ علی دم کر کے دیا جائے انشاء اللہ جلد شفا ہوگی۔

5۔ نظر بد کے لئے: تین دن تک ہر روز بیس (20) مرتبہ نادِ علی پڑھے تو نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص قبل طلوع آفتاب تین بار نادِ علی پڑھے تو نظر بد سے امن میں رہے گا۔

6۔ حصول دولت کے لئے: اگر کوئی شخص ہر صبح تین روز تک جب نیند سے بیدار ہو تو کسی سے بات کئے بغیر ننانوے (99) مرتبہ نادِ علی پڑھا کرے تو وہ غنی و مالدار ہوگا۔

7۔ دُشمنوں سے نجات کے لئے: اگر کوئی شخص دُشمنوں سے خائف ہو اور دُشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو ایک مُٹھی پاک مٹی پر نادِ علی سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور انکی طرف ہوا میں اُڑا دے تو بحکم خدا انکا کوئی ضرر اس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔

(1) اگر کسی شخص کے دُشمن زیادہ ہوں تو وہ ہر صبح ستر (70) مرتبہ نادِ علی پڑھا کرے تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا اور دُشمنوں پر قہر نازل ہوگا۔

(2) ستر (70) روز تک ہر روز ڈیڑھ سو (150) مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے دُشمن مطیع ہوں گے۔

(3) اگر کسی شخص کو ضرورت ہو تو ستر (70) مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے دُشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

(4) دس روز تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ نادِ علی پڑھنے سے دُشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(5) ہر روز ستر (70) مرتبہ پڑھنے سے خبیثوں اور حاسدوں پر قہر نازل ہوگا۔

(8) کالے جادو کے دفع کے لئے کنویں کے پانی پر (7) مرتبہ پڑھ کر اس پانی سے مریض کو غسل کرائیں اور تھوڑا سا پلائیں۔

(9) زہر کے اثر کو دُور کرنے کے لئے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس پانی پر (12) مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دم کریں اور اُس پانی کو پلا دیں اثر زہر کا دُور ہو جائے گا۔

(10) حاکم یا بادشاہ سے ڈر ہو تو (70) مرتبہ پڑھ کر جائے اور جب اسکے سامنے پہنچے تو (3) بار پڑھ کر دم کرے اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(11) اگر کسی کو خاص پیغام شادی کا، یا اور کوئی دوسرا پیغام لے کر بھیجے اور اس پیغام کو منظور کروانا مقصود ہو تو (3) مرتبہ اس کے کان میں پڑھ کر دم کرے، انشاء اللہ تعالیٰ وہ جائز پیغام قبول ہوگا۔

(12) اگر جمعہ کے دن یعنی (Friday) کو صبح سویرے (47) مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے تو جس کسی سے گفتگو کرے وہ اِس کا محبوب ہوگا۔

(13) اگر صبح کو اوّل وقت (25) مرتبہ ہر روز نادِ علی کا ورد کرے، گئی ہو دولت، پیسہ واپس ہوگا۔

(14) سخت مشکل، دشواری، مصیبت کے لئے نادِ علی کا وظیفہ (1000) مرتبہ پڑھنا بے حد مفید ہے۔

(15) اگر کسی شخص پر کوئی تہمت، الزام لگا ہو تو وہ صبح کو (40) مرتبہ پڑھے الزام سے بری ہو جائے گا۔

(16) مزید جاہ و حشمت کے لئے روزانہ (500) مرتبہ پڑھے۔

(17) ہر ضروری کام کے لئے (500) مرتبہ پڑھیں۔

(18) دفع بلا کے لئے ہر روز (70) مرتبہ پڑھیں۔

(19) علم کے حصول کے لئے روزانہ ظہر کی نماز کے بعد وظیفہ (70) مرتبہ پڑھیں۔

(20) دُشمن کو بھگانے کے لئے (30) مرتبہ اور یہ نادِ علی کا عمل ایک ماہ تک کریں۔

(21) دفع پریاں، جن، بھوت، چڑیل، آسیب، کالا جادو کے اثرات، سفلی علم کا توڑ، جن، شیطان وغیرہ اور سایہ جیسی چیزوں کو بھگانے کے لئے اِن کا توڑ کرنے کے لئے ہر روز (500) مرتبہ پڑھیں اور جس پر خلل ہو (15) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

رجب

اعمالِ ماہ رجب المرجب

فضیلت: حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ رجب میری امت کیلئے استغفار کا مہینہ ہے ☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس ماہ میں میری امت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت زیادہ برستی ہے جو اس ماہ میں ایک رات عبادت کیلئے جاگے گا وہ جہنم کی آگ سے آزاد ہوگا۔ ☆ حضرت امیر المؤمنینؑ نے فرمایا کہ جو کوئی اوّل رجب درمیان اور آخر میں روزے رکھے گا اس کے تمام آئندہ و گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے اور سال بھر کے روزوں کا ثواب عطا ہوگا۔ ☆ کتاب تحفۃ المؤمنین میں آئمہ علیہم السلام سے منقول ہے کہ ستائیسویں رجب کے روزے کا ثواب ستر سال کے روزوں کے برابر ہے۔ ☆ اس تمام ماہ میں ہزار مرتبہ سورۂ توحید اور ہزار مرتبہ کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھنا حصول جنت کا موجب ہے۔

☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو رکعت نماز ماہِ رجب کی تمام راتوں کے متعلق روایت ہوئی ہے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۃ الکافرون اور ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ ساٹھ حج اور ساٹھ عمروں کا ثواب عطا فرمائے گا۔ ☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رجب میں جمعہ کے روز نمازِ ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پانچ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس دن سے اس کی موت تک ہر روز اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھے گا ہر آیت کے بدلے اسے جنت میں یاقوت سرخ کا شہر عنایت فرمائیگا ہر حرف کے بدلے سفید موتیوں کا محل عطا کریگا حور العین سے اس کی تزویج کریگا اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

استغفار: اس ماہ میں صبح و شام ستر مرتبہ استغفار کرنے والے کا درجہ انتہائی بلند ہوگا۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَأَسْأَلُهُ التَّوْبَةَ

بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس سے توبہ کا سوالی ہوں

استغفار: روایت میں ہے کہ اگر کوئی درج شدہ استغفار کو ہر روز ورد زبان رکھے گا تو اسکی بخشش یقینی ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَتُبْ عَلَيَّ — اے اللہ مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما

دعائے ماہِ رجب

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہ رجب میں اپنی نمازوں میں یہ دعا پڑھیگا تو ماہِ رجب کی برکات سے مالا مال ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مَنْ أَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَآمَنُ سَخَطَهُ عِنْدَ كُلِّ شَرٍّ يَا مَنْ يُعْطِي الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ يَا مَنْ يُعْطِي مَنْ سَأَلَهُ يَا مَنْ يُعْطِي مَنْ لَمْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے وہ جس سے میں ہر بھلائی کی امید رکھتا ہوں اور ہر برائی کے وقت اسکے غضب سے امان میں ہوں اے وہ جو تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دیتا ہے اے وہ جو ہر سوال کرنیوالے کو دیتا ہے اے وہ جو اسے بھی دیتا ہے جو

يَسْأَلْهُ وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْهُ تَحَنُّنًا مِنْهُ وَرَحْمَةً أَعْطِنِي بِمَسْأَلَتِي إِيَّاكَ جَمِيْعَ خَيْرِ الدُّنْيَا وَجَمِيْعَ خَيْرِ الْآخِرَةِ وَاصْرِفْ عَنِّي بِمَسْأَلَتِي إِيَّاكَ جَمِيْعَ شَرِّ الدُّنْيَا

سوال نہیں کرتا اور (اسے بھی دیتا ہے) جو اسے نہیں پہچانتا اس پر بھی رحم و کرم کرتا ہے تو مجھے بھی میرے سوال پر دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں اور نیکیاں عطا فرما دے اور میری طلب گاری پر دنیا اور آخرت کی تمام تکلیفیں اور مشکلیں دور کر کے

وَشَرِّ الْآخِرَةِ فَإِنَّهُ غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مَا أَعْطَيْتَ وَزِدْنِي مِنْ فَضْلِكَ يَا كَرِيْمُ

مجھے محفوظ فرما دے کیونکہ تو جتنا عطا کرے تیرے ہاں کمی نہیں ہوتی اور اے کریم مجھ پر اپنے فضل میں اضافہ فرما

☆ اسکے بعد داہنی مٹھی سے ڈاڑھی پکڑ کر شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے یہ دعا پڑھیں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا ذَا النَّعْمَاءِ وَالْجُوْدِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ حَرِّمْ شَيْبَتِي عَلَى النَّارِ

اے صاحب جلال و اکرام اے نعمتیں عطا کرنیوالے سخی اے صاحب احسان و عطا میری ڈاڑھی کے بالوں کو آگ (دوزخ) پر حرام فرما دے

دعائے وسعت

امام محمد باقرؑ نے فرمایا یہ دعا پڑھو کہ تمام امور میں وسعت کیلئے عجیب مقام رکھتی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ أَوْسِعْ عَلَيَّ فِي رِزْقِي وَامْدُدْ لِي فِي عُمُرِي وَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهِ لِدِيْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِي غَيْرِي

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود میرا رزق فراواں کر دے اور میری عمر میں طوالت دے اور میرے گناہ معاف کر دے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جن کے ذریعے تو دین کی مدد کرتا ہے اور میری جگہ کسی اور کو نہ لانا

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اپریل 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر تبھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَا رِجَالَ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحَ الۡمُقَدَّسَۃِ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَّانۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبۡدَالُ یَا اَوۡتَادُ یَا قُطۡبُ یَا غَوۡثُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

عموماً حاملہ خواتین سرخ ہتھیلیوں کی شکایت کرتی ہیں مگر اس میں پریشانی والی کوئی بات نہیں کیونکہ یہ بھی خون کی شریانوں کی سرگرمیوں میں اضافے کی وجہ سے ہی ممکن ہوتا ہے- ایگزیما یا الرجی کے باعث بھی ہتھیلیاں اکثر سرخ ہوجاتی ہیں-

3- انگلیوں کی لمبائی اور آپ کی صحت

آپ کی انگلیوں کی لمبائی بھی آپ کی صحت کے متعلق حیرت انگیز انکشافات کر سکتی ہے- عموماً مردوں کی تیسری انگلی ان کی شہادت والی انگلی سے بڑی ہوتی ہے، جبکہ خواتین کے معاملے میں اس کے برعکس ہوتی ہے- ایک تحقیق کے مطابق گھٹنوں یا جوڑوں کا مرض جسے osteoarthritis کہتے ہیں ان مرد اور خواتین میں زیادہ پایا جاتا ہے جن کی تیسری انگلی لمبی ہوتی ہے- تاہم اس مرض کے زیادہ اثرات خواتین میں پائے جاتے ہیں- جن خواتین کی شہادت والی انگلی لمبی ہوتی ہے ان میں چھاتی کے کینسر ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں جبکہ ایسے مردوں میں پروسٹیٹ کا کینسر ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں-

4-ناخنوں کی پیلاہٹ اور آپ کی صحت

اگر آپ ناخنوں کو دبائیں اور وہ ایک منٹ سے زیادہ دیر تک سفید رہیں یا پھر ہر وقت پیلے پڑے تو یہ اینیمیا کی علامات میں سے ایک ہوسکتی ہے- یہ بیماری زیادہ تر آئرن کی کمی کے باعث ہوتی ہے جس کی وجہ سے ناخنوں میں پیلا پن آجاتا ہے- اس پیلے پن کی دوسری وجہ خون میں لال خلیوں کی کمی بھی ہوسکتی ہے- آئرن کی کمی کے باعث تھکاوٹ اور زیادہ بیماری کی صورت میں دل کی بیماری ہونے کا خدشتہ بھی ہوتا ہے- لہٰذا اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے اندر آئرن کی کمی ہے تو اپنے معالج سے مشورہ کریں- آپ کے معالج آپ کو دوا کے ساتھ بھرپور غذا کا مشورہ بھی دے سکتے ہیں جیسے کہ گوشت، پالک اور ہری سبزیوں کا استعمال وغیرہ-

5-انگلیوں کے سِروں پر سوجن اور آپ کی صحت

جن لوگوں کی انگلیاں اوپر سے سوجھی ہوئی ہوتی ہیں یا ان پر ورم ہوتا ہے وہ زیادہ تر دل اور پھیپھڑوں کے عارضے میں مبتلا ہوتے ہیں- اس بیماری میں انگلیاں کے پور یا سرے موٹے ہوجاتے ہیں اور ناخن ابھر کر باہر کی جانب آجاتے ہیں اور چمچ کی شکل اختیار کر لیتے ہیں-

محض صرف انہی علامات کی وجہ سے آپ کو کسی کو بیمار قرار نہیں دے سکے، جن افراد کی انگلیاں مذکورہ شکل کی ہوجاتی ہیں وہ سانس لینے میں دشواری محسوس کرتے ہیں لیکن اس کے ذرائع علاج بھی موجود ہیں-

6-انگلیوں کے نیلے پور اور آپ کی صحت

انگلیوں کے پور اگر نیلے رنگ کے ہوں یا پرعُن ہوجاتی ہوں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو خون کی خرابی کی شکایت ہے جس کو Raynaud کی بیماری کہا جاتا ہے- اگر آپ اس بیماری کے شکار ہیں تو آپ کی انگلیاں اس وقت نیلی یا سرمئی رنگ کی ہوجائیں گی جب آپ کسی ٹھنڈی چیز کو ہاتھ لگائیں گے- یہ بیماری زیادہ تر خواتین میں پائی جاتی ہے تاہم یہ خطرناک نہیں ہے- اس بیماری میں خون کی رگیں بند ہوجاتی ہیں جس کی وجہ سے آپ کی انگلیاں نیلی یا سرمئی رنگ کی ہوجاتی ہیں- اگر آپ اس بیماری کا شکار ہیں تو آپ کو بچاؤ کے لیے دستانوں کا استعمال کرنا چاہیے-

7-سوجھی ہوئی انگلیاں اور آپ کی صحت

سوجھی ہوئی انگلیاں اس جانب اشارہ کرتی ہیں کہ آپ کا تھائیرائیڈ کا نظام درست طور پر کام نہیں کر رہا- جب آپ کا تھائیرائیڈ کا نظام صحیح کام نہیں کرتا تو وہ ایسے ہارمونز کم پیدا کرنے لگتا ہے جو کہ آپ کے میٹابولزم کے نظام کے لیے انتہائی ضروری ہوتی ہے- تھائیرائیڈ کے مسائل کو معمولی سمجھ کر نظر انداز مت کیجیے کیونکہ یہ کئی دوسری بیماریوں کو جنم دے سکتا ہے جو کہ جان لیوا بھی ثابت ہوسکتی ہیں- اپنے ڈاکٹر سے لازمی مشورہ کیجیے اور وہ چند ٹیسٹ کے ذریعے اس مرض کی تشخص کرے گا-

اپریل 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

تاریخ: 01-04-2016
دن: جمعہ
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 15000

تاریخ: 15-04-2016
دن: جمعہ
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: 750

4	1
5	6
1	9
8	5

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	5 اپریل 2016ء	صبح 09 بجکر 15 منٹ سے لے کر 09 بجکر 45 منٹ تک
2	12 اپریل 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 10 منٹ سے لے کر 16 بجکر صفر منٹ تک
3	14 اپریل 2016ء	دوپہر 13 بجکر 10 منٹ سے لے کر 14 بجکر 01 منٹ تک
4	18 اپریل 2016ء	دوپہر 11 بجکر 15 منٹ سے لے کر 11 بجکر 45 منٹ تک
5	19 اپریل 2016ء	صبح 09 بجکر 05 منٹ سے لے کر 09 بجکر 40 منٹ تک

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

حیدرآباد | مالیت -/15000 | مورخہ 01/04/2016

00	19	28	41	73	94	(بونس) 4981

کراچی | مالیت -/750 | مورخہ 15/04/2016

14	36	48	61	89	90	(بونس) 1908

دعا

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

گولڈن انعام لکی نمبرز

حیدرآباد
مالیت -/15000
مورخہ 01/04/2016

861 / 316	=836=FS
245 / 790	=492=FS
563 / 018	=863=FS
799 / 244	=449=FS

کراچی
مالیت -/750
مورخہ 15/04/2016

451 / 906	=649=FS
865 / 310	=683=FS
327 / 872	=873=FS
996 / 441	=644=FS

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولہ	
0				03		05	06			09	058	098
1			12	13	14	15		17	18		128	188
2	20	21	22				26		28	29	216	289
3	30			33	34		36	37			317	376
4	40	41		43		45		47			405	453
5	50	51		53	54			57			534	580
6	60	61	62					67	68		602	682
7			72	73		75	76				715	763
8	80		82			85	86		88	89	821	850
9	90		92			95	96		98		908	945

تاریخ: 01-04-2016
دن: جمعہ
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 15000

62	01	28
17	06	73
73	01	88
28	06	33

تاریخ: 15-04-2016
دن: جمعہ
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: 750

85	00	98
30	05	43
26	00	58
71	05	03

7 / 3 (4) 5 / 1 — 2 / 8 (9) 0 / 6

تاریخ: 15-04-2016
دن: جمعہ
شہر: کراچی
بانڈ: 750/-

F: 34, 84, 54, 24 — 4 9 (6) 0 7 — S: 56, 01, 31, 06

اوپن: 2 - 3 - 8 - 5

فسٹ	341-848-541-246
سیکنڈ	561-065-732-824
سیکنڈ	734-312-069-464

تاریخ: 01-04-2016
دن: جمعہ
شہر: حیدرآباد
بانڈ: 1500/-

F: 54, 04, 94, 64 — 2 8 (3) 7 1 — S: 12, 57, 95, 33

اوپن: 5 - 4 - 9 -6

فسٹ	626-575-954-332
سیکنڈ	303-473-757-696
سیکنڈ	232-862-104-567

1365 - 3165
13, 33, 31, 53, 35 — 6 8 (7) 3 9 — 136, 316, 335, 538, 358
3356 - 5389

تاریخ: 01-04-2016
دن: جمعہ
شہر: حیدرآباد
بانڈ: 1500/-

3356-3365
00, 33, 86, 88 — 1 9 (6) 8 3 — 004, 009, 335, 865, 886
6895-8695

تاریخ: 15-04-2016
دن: جمعہ
شہر: کراچی
بانڈ: 750/-

بانڈ مالیت: 15000 شہر: حیدرآباد ڈرا: 66

دن: جمعہ تاریخ: 01-04-2016

صفحہ طاق میں	تعلق آکڑہ	صفحہ جفت میں
1 - 5 - 7	0 - 5 - 4 - 9	0 - 2 - 6

کلوز: 2 - 8 - 3 - 5 - 7 - 9

ٹنڈولہ میں لازمی فگر: 1 - 2 - 3 سنٹر: 1 - 2 - 3

شہر ٹو شہر لنک: 0 5 - 1 - 6

نوٹ: حیدرآباد 15000، مظفرآباد 200، پہلا ڈرا سے اوپن لازمی ملے گا۔ یاد رکھنا بھولنا مت بات ہے نصیب کی دوستو صفحہ آپ کا آکرہ چشتی کا فسٹ سیکنڈ موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
02	15	25	30	45	52	65	75	85	92
08	19	28	35	41	58	69	76	80	98
03		21			53		79	86	93
05					55			81	95
07					57				97
09					59				99

بانڈ مالیت: 750 شہر: کراچی ڈرا: 66

دن: جمعہ تاریخ: 15-04-2016

صفحہ طاق میں	تعلق آکڑہ	صفحہ جفت میں
1 - 7 - 9	1 - 2 - 6 - 7	6 - 8 - 0

کلوز: 5 - 0 - 2 - 4 - 6 - 8

سنٹر: 5 - 6 - 7 سال ٹو سال لنک: 3 - 8 - 4 - 9

خطرناک آکڑے:

46-42-36-32-86-82-96-92-74-64-24-14

صفحہ آپ کا آکرہ چشتی کا فسٹ سیکنڈ موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
05	13	24	32	42	53	64	74	82	92
06	18	25	36	46	58	69	79	86	96
02	14	26	37	49	54				
	19	27	39	45	59				
		28							
		29							

تاریخ: 01-04-2016

دن: جمعۃ المبارک

شہر: حیدرآباد

بانڈ: -/15000

2 7 4 1 6 3	
27	41
63	16

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سید مصور علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 01-04-2016 حیدرآباد بانڈ -/15000 اور کراچی 15-04-2016 بانڈ -/750 آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سید مصور علی زنجانی اور سید انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

تاریخ: 15-04-2016

دن: جمعۃ المبارک

شہر: کراچی

بانڈ: -/750

3 2 1 4 6 8	
34	62
81	46

کبھی خوشی کبھی غم

ازتحریر: محمد فیاض شاہد، لڈن (وہاڑی)

تمام دوستوں کو میرا پیار بھرا اسلام قبول ہو۔ ہر سال پہلے ڈرا میں فسٹ اور سیکنڈ انعام لازمی ہے۔ دوستو! میں آپ کی خدمت میں جو روٹین پیش کر رہا ہوں۔ اس روٹین میں کل 60 پیکٹ بنائے گئے جو سال 2000ء سے 2015ء تک کامیابی سے چل رہے ہیں۔ کوڈ پیک آگڑے:

x26 = x62 = x56 = x65 = x49 = x94

فسٹ اور سیکنڈ پیکٹ یہ ہیں:

1 = 126 = 162 = 156 = 165 = 149 = 194
3 = 326 = 362 = 356 = 365 = 349 = 394
5 = 526 = 562 = 556 = 565 = 549 = 594
7 = 726 = 762 = 756 = 765 = 749 = 794
9 = 926 = 962 = 956 = 965 = 949 = 994

0 = 026 = 062 = 056 = 065 = 049 = 094
2 = 226 = 262 = 256 = 265 = 249 = 294
4 = 426 = 462 = 456 = 465 = 449 = 494
6 = 626 = 662 = 656 = 665 = 649 = 694
8 = 826 = 862 = 856 = 865 = 849 = 894

دوستو! یہ روٹین ہر سال پہلے 6 ڈرا میں فسٹ اور سیکنڈ انعام حاصل کر رہی ہے۔

سال	شہر	بانڈ	انعام لگا	سال			بانڈ نمبر
2000	کراچی	1500	سیکنڈ انعام آیا	2000	02	15	226714
2000	پشاور	200	سیکنڈ انعام آیا	2000	03	15	762531
2001	بہاولپور	200	فسٹ انعام آیا	2001	03	15	665525
2001	بہاولپور	200	سیکنڈ انعام آیا	2001	03	15	049959
2002	ملتان	1500	فسٹ انعام آیا	2002	02	15	265420
2002	حیدرآباد	750	فسٹ انعام آیا	2002	01	15	594970
2003	راولپنڈی	15000	فسٹ انعام	2003	01	15	626450
2003	حیدرآباد	200	سیکنڈ انعام آیا	2003	03	15	456535
2004	پشاور	200	فسٹ انعام آیا	2004	03	15	262069
2005	مظفرآباد	7500	فسٹ انعام آیا	2005	02	01	156070
2005	پشاور	40000	سیکنڈ انعام آیا	2005	03	01	565503
2006	راولپنڈی	1500	سیکنڈ انعام آیا	2006	02	15	249828
2006	راولپنڈی	1500	سیکنڈ انعام آیا	2006	02	15	462891
2006	لاہور	200	فسٹ انعام آیا	2006	03	15	049064
2007	راولپنڈی	7500	سیکنڈ انعام آیا	2007	02	01	665999
2007	کوئٹہ	200	فسٹ انعام آیا	2007	03	15	562448

2008	گوجرانوالا	1500	فسٹ انعام آیا	2008	02	15	365656
2009	گوجرانوالا	750	فسٹ انعام آیا	2009	01	15	249717
2010	بہاولپور	750	سیکنڈ انعام آیا	2010	01	15	862789
2010	فیصل آباد	200	فسٹ انعام آیا	2010	03	15	349928
2011	راولپنڈی	7500	سیکنڈ انعام آیا	2011	02	01	165502
2011	حیدرآباد	200	فسٹ انعام آیا	2011	03	15	126434
2012	مظفرآباد	7500	سیکنڈ انعام آیا	2012	02	01	949229
2013	ملتان	1500	سیکنڈ انعام آیا	2013	02	15	426237
2013	پشاور	750	سیکنڈ انعام آیا	2013	01	15	862565
2014	فیصل آباد	7500	سیکنڈ انعام آیا	2014	02	01	662885
2014	پشاور	40000	سیکنڈ انعام آیا	2014	03	01	565108
2015	لاہور	15000	فسٹ انعام آیا	2015	01	01	249376
2015	حیدرآباد	200	فسٹ انعام آیا	2015	03	15	765898
2016	کوئٹہ	40000	-----	2016	03	01	فسٹ اور سیکنڈ پیکٹ لازمی ہے
2016	مظفرآباد	200	-----	2016	03	15	فسٹ اور سیکنڈ پیکٹ لازمی ہے

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

حاکم سیارہ: مریخ
نشان: مینڈھا
عقیدہ: میں ہوں (I M)
عنصر: آگ
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: وجدانی
منسوب رنگ: تیز سرخ
اعضائے جسمانی: سر
منسوب پتھر: مرجان
منسوب دھات: لوہا اور تانبا
مثبت اور مذکر برج
بائیوکیمک سالٹ: کالی فاس
منسوب پھول: گوکھرو، گل لالہ، لونگ
منسوب درخت: خاردار

مثبت توانائی

حمل میں سیارہ شمس کے حامل لوگ اکثر کھلے ذہن کے مالک، انفرادیت پسند، چوکنا، فوری بولنے والے، عمل کرنے والے، پرعزم، صاف گو، فیاض دوست، مہم جو، طاقتور، پہل کار، جرات مند، پراعتماد اور ذکی ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

اپنی منفی خصوصیات میں یہ لوگ خود غرض، فوراً طیش میں آجانے والے، من موجی، بے صبر، آسانی سے بے وقوف نہ بننے والے، صحیح سمت کا شعور نہ رکھنے والے اور ناقص پیروکار ہوتے ہیں، دوسرے معنوں میں یہ کسی کی پیروی ایک حد تک ہی کر سکتے ہیں اور کسی بھی مرحلے پر اپنی من مانی پر اتر آتے ہیں۔

یہ لوگ انتظار کر سکتے ہیں، احمقوں کو برداشت کر سکتے ہیں، ناکامی تسلیم کر سکتے ہیں، دوسروں کی نصیحت قبول کر سکتے ہیں۔

حمل کا کردار

موسم بہار کا نقطہ اعتدال 21 مارچ کو پڑتا ہے یہ نئے فلکیاتی سال کا آغاز اور حمل دائرہ بروج کا پہلا شعلہ ہے۔

خواہش، پہل کاری، جرات اور ایکشن حمل والوں کی بہترین خصوصیات ہیں۔ نوجوان مینڈھا مہم جو، پرعزم، من موجی، جوشیلا اور طاقتور ہوتا ہے۔

حدود کو سمجھنا اور انفرادیت پسندی حمل والوں کی شناخت ہے، حمل والے ہر صورت حال کا اس طرح سامنا کرتے ہیں گویا وہ بالکل نئی ہو یا انہیں سیکھنے کے لیے پاپڑ بیلنے کی ضرورت ہے اور ان سے کوئی بھی یہ نہیں کہہ سکتا وہ غلطی پر ہیں، حمل والوں کو زندگی کا یہ سبق سیکھنے کی ضرورت ہے کہ دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنا زیادہ مؤثر ہوتا ہے لیکن یہ شعور بعد میں آتا ہے۔

حمل والے سوچ اور عمل دونوں ہی میں پہل کرنا پسند کرتے ہیں، وہ نئے خیالات کو کھلے ذہن سے خوش آمدید کہتے ہیں اور انہیں آزمانے سے بالکل نہیں گھبراتے لیکن پہلا جوش و خروش سرد پڑ جائے تو ان کی دلچسپی ختم ہو سکتی ہے، وہ چیلنجوں کو خوش آمدید کہتے ہیں لیکن کبھی کبھی اپنی بے صبری کے سبب خود کو تباہ بھی کر سکتے ہیں اور اگر وہ جلد ہی نتائج حاصل نہ کر سکے تو یہ بربادی سطح پر ابھرے گی۔

حمل والے جرأت مند قائد بنتے ہیں، وہ اپنے پیروکاروں اور مقلدوں سے نرم رویہ اختیار کرتے ہیں اور سچ مچ ان کے بارے میں فکر مند رہتے ہیں لیکن وہ خود اچھے پیروکار نہیں ہوتے کیوں کہ وہ اپنے تئیں یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا طریقہ کار دوسروں سے بہت بہتر ہے، عام طور سے ان کا طریقہ کار دوسروں سے واقعی بہتر ہوتا ہے۔

حمل والے اپنا بیشتر وقت یہ سوچتے ہوئے گزارتے ہیں کہ الف سے ب تک پہنچنے کا تیز ترین طریقہ کون سا ہے اور انہیں مسئلے کا حل سوجھتا بھی خوب ہے، یہی وجہ ہے کہ وہ اس بات کی پروا نہیں کرتے کہ کس سمت میں جا رہے ہیں اور

اس معاملے میں بڑے ضدی اور ہٹ دھرم ہوتے ہیں۔

حمل والوں کو کچھ کرنے کے بارے میں احتیاط سے سمجھانا بہت ہی ضروری ہے کہ فلاں کام کیوں کیا جارہا ہے خاص طور سے بچپن میں۔ اگر حمل یہ سوچے کہ آپ کے طریقے پر عمل کرنا وقت برباد کرنے کے مترادف ہے تو وہ اپنی من مانی کرے گا اور آپ کی بالکل نہیں سنے گا۔

حمل والوں کو اگر کوئی خیال سوجھ جائے اور وہ خیال ان کا اپنا ہو تو وہ بچوں جیسے جوش وخروش کا مظاہرہ کر سکتے ہیں اور یہ جوش وخروش دوسروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔

حمل والے یقین رکھتے ہیں کہ ان کے تمام ہی خیالات بالکل اوریجنل ہیں اور واقعی ان کے خیالات اوریجنل ہی ہوتے ہیں کم از کم ان کی حد تک اگر ان پر نئی بات منکشف ہو تو وہ نہایت جوش وخروش سے اس کے تمام پہلوؤں کو کھنگالنے میں مصروف ہو جاتے ہیں یہی سبب ہے کہ وہ شاذ ونادر ہی طنزآمیز رویہ اختیار کرتے ہیں یا دنیا سے بے زار نظر آتے ہیں ان کی فرحت بخش سوچ کی وجہ سے دوسرے لوگ ان میں کشش محسوس کرتے ہیں اور ان کی طرف کھنچتے ہیں ان کا خود پرستانہ جوش وجذبہ مثبت تفریح اور دلچسپی فراہم کرتا ہے۔

اور اس میں کسی کو شبہ نہیں ہونا چاہیے کہ وہ خود پرست ہوتے ہیں ان میں بے پناہ توانائی ہوتی ہے جو انہیں دوسرے سست اور کاہل لوگوں کے مقابلے میں برتر ہونے کا احساس دلاتی ہے اسی توانائی کے سبب وہ بے صبر ضدی فوراً طیش میں آنے والے آسانی سے روٹھ جانے والے اور تھوڑے سے جارح بھی ہوتے ہیں لیکن حمل دائرہ بروج کا پہلا شعلہ ہے اور اس کی تپش زیادہ عرصہ برقرار نہیں رہتی لہٰذا یہ لوگ شاذ ونادر ہی دوسروں کے خلاف زیادہ عرصہ تک بغض یا کینہ رکھتے ہیں دوسرے معنوں میں کشادہ ذہن اور فراخ دل ہوتے ہیں۔

حمل میں شمس اپنی ذات کے اظہار سے لطف اندوز ہوتا ہے حمل والے سننے کے بجائے بولتے بہت ہیں جب دوسرے لوگوں کے پاس کہنے کو کچھ نہیں رہ جاتا اور وہ خاموشی اختیار کر لیتے ہیں تو حمل والے خود کو اس بات کا قائل کرتے ہیں کہ انہیں کچھ کہنا ہے اور پھر وہ بولنا شروع کر دیتے ہیں۔

اپنے آزاد جذبے کی وجہ سے وہ کسی مقررہ موضوع پر بحث میں اکثر مخالفت میں بولتے ہیں وہ گم گشتہ کاز کے چیمپئن بننا اور جنگیں ہارنا پسند کرتے ہیں کیوں کہ انہیں اپنی صلاحیتوں پر کامل یقین ہوتا ہے کہ وہ کسی بھی صورت حال کو بدل سکتے ہیں اور اپنی اس خوش گمانی کے باعث بری طرح ناکام بھی ہوتے ہیں۔

اپنی اس بے پناہ توانائی اور اپنی ذات پر بھروسے کے باعث حمل افراد اعتدال پسندی یا سست روی پر آسانی سے بیچ پا ہو سکتے ہیں بعض اوقات وہ اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے دوسروں کے جذبات واحساسات کا خیال نہیں رکھتے اور انہیں روندتے ہوئے گزر جاتے ہیں۔

سوچ سے عاری یہ رویہ بہت خود غرضانہ محسوس ہو سکتا ہے لیکن حمل افراد کو منفی بے لاگ آزردہ خاطری اور خود ترسی کے جذبات کے بھنور میں پھنسنے سے بچنے کے لیے اپنی کھری فطرت کی نشوونما کرنی پڑتی ہے اگر گفتگو کا رخ زیادہ جذباتی مسائل کی طرف مڑ جائے تو اگرچہ وہ بے ادب اور گستاخی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں تاہم وہ دوسرے لوگوں کے مسائل کی طرف سے بے حس نہیں ہوتے لیکن یہ نہیں دیکھ سکتے کہ کوئی ان پر تکیہ کرنے لگے اگر وہ یہ محسوس کریں کہ انہیں دوسروں کے مسائل میں الجھایا جارہا ہے تو وہ ناراضگی کا اظہار کر سکتے ہیں ان کا رویہ ایسا ہوتا ہے کہ ”بس معاملہ ختم کرو“ اور ان کے پاس ایسے لوگوں کے لیے بہت تھوڑا وقت ہوتا ہے جو جذباتی اعتبار سے ہاتھ پاؤں مار رہے ہوں۔

”مڑ کے پیچھے دیکھنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ
اپنی چوکسی کی طرف سے غافل ہو گئے ہیں“

بیٹی ڈیوس (ایکٹریس) شمسی برج حمل پیدائش 15 اپریل 1908ء

حمل افراد کو جذباتیت اور گھر کی یاد ستانے سے بھی بڑی چڑ ہوتی ہے شاید یہی وجہ ہے کہ بہت سے حمل افراد کو اپنا بچپن یاد کرنے میں دشواری ہوتی ہے وہ ماضی پر تکیہ کرنا پسند نہیں کرتے چاہے وہ تلخ ہو یا خوش گوار اور مستقبل میں جینے کو ترجیح دیتے ہیں۔

حمل والے بہت سے لوگوں کے لیے سفر سے لطف اندوزی ایک بڑا چیلنج ہے وہ زندگی کو تجربات کے اسکور بورڈ کی طرح برتتے ہیں حمل افراد کبھی کبھی ایسی زندگی جیتے ہیں جو بہت سے ادھورے اہداف اور عزائم سے پُر ہوتی ہے جس سے وہ صحیح معنوں میں کبھی بھی مطمئن نہیں ہوتے اس طرح وہ کسی شریک

کار سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو ان پر کم سے کم تکیہ کرے اور بیشتر کام خود ہی نمٹائے تاکہ وہ آرام کر سکیں اور منافع سے لطف اندوز ہو سکیں۔

حمل افراد کی جنسی خواہش میں شدت بجائے خود ان کے آزادانہ جنسی ملاپ اور جنس مخالف کی طرف بے تابانہ لپکنے سے ظاہر ہوتی ہے' کسی نئی چیز کے بارے میں بہت زیادہ جوشیلا پن' دل پھینک حمل افراد کو کم عمری میں شادی کرنے پر مجبور کر سکتا ہے۔

یہ شاید اتنی بری بات نہ ہو کیوں کہ حمل افراد نہایت عمدہ اور اپنے بچوں کے لیے خود کو وقف کر دینے والے والدین ہوتے ہیں' وہ اپنے بچوں سے نہایت خوبی سے میل جول رکھتے ہیں کیوں کہ انہیں یاد ہوتا ہے کہ تازہ آنکھوں سے دنیا کو دیکھنا کیسا ہوتا ہے' حمل والدین اپنے بچوں کی معصوم حیرت ناکیوں کا تحفظ کرنے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں۔

ذہنی اعتبار سے حمل افراد اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ وہ ذہین اور حقیقت پسند ہیں لیکن ان کی سوچ میں سختی مفقود ہو سکتی ہے۔ وہ تیز فہم ہوتے ہیں لیکن ان کی سوچ کا عمل تھوڑا سا ناقص ہو سکتا ہے، ان کی وجدانی فطرت اور بے صبری انہیں آگے چھلانگ لگانے پر مجبور کر سکتی ہے اور انہیں کسی کی ذات سے فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

"میں نے سوچا کہ میں شیکسپیئر کی کسی نظم سے ابتدا کروں لیکن پھر میں نے سوچا کہ میں ایسا کیوں کروں؟ وہ کبھی میری نظم تو نہیں پڑھتا"۔

اسپائک ملی گین (مزاحیہ اداکار) شمسی برج حمل، پیدائش 16 اپریل 1918ء

اگر آپ بھی ایسے ہی ہیں تو اس بات کی توقع مت رکھیے کہ آپ کو آپ کے صبر کا پھل ملے گا' ہو سکتا ہے کہ کسی کتاب، واقعے یا منصوبے کی کامیابی پر آپ کا بادل ناخواستہ شکریہ ادا کیا جائے لیکن آپ کسی تحفے یا کارڈ کی توقع مت رکھیں' یہ حمل افراد کا اسٹائل نہیں ہے۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

حمل افراد غضب کے سیلز مین ہوتے ہیں اور وہ کسی برفانی علاقے کے باشندے کو بھی فریج خریدنے پر آمادہ کر سکتے ہیں' یہی نہیں بلکہ وہ چیزیں بھی جن کی انہیں کوئی ضرورت نہیں پیش آ سکتی لیکن سب سے اہم موقع پر ان کے غبارے سے ہوا نکل سکتی ہے۔

اگر حمل افراد کو موسیقی سے رغبت ہو تو وہ بہت بڑے گیت نگار ہو سکتے ہیں اور ہمیشہ کوئی نہ کوئی نئی بات پیدا کر سکتے ہیں کیوں کہ ایسی غیر متوقع سوچ ان کا خاصا ہے لیکن وہ عام طور سے بہت ہی ناکارہ پاپ سنگر ہوتے ہیں کیوں کہ وہ ٹھیک سے ریہرسل کرنے میں زیادہ جوش و جذبے سے کام نہیں لیتے اور اکثر خود اپنے گیت کے بول بھول جاتے ہیں۔

ان میں لوگوں کو سمجھنے کی صلاحیت غضب کی ہوتی ہے اور ان کے لیے اپنی چرب زبانی سے کوئی بھی جاب حاصل کرنا مشکل نہیں ہوتا' حمل افراد کو ہر فن مولا بننے اور کسی بھی کام میں ماہر نہ ہونے سے بچنا چاہیے، اگر انہیں کم عمری میں پتا چل جائے کہ انہیں کون سا کام سب سے زیادہ پسند ہے تو اس پر اپنی پوری توجہ مرکوز کریں، وہ جو کام کرنے کا ذہن بنالیں' وہ کام کر سکتے ہیں۔

"بھرپور انداز سے جئیں، ایسا نہ کرنا غلطی ہوگی، اس بات کی کوئی خاص اہمیت نہیں کہ آپ خاص طور سے کیا کرتے ہیں، اگر آپ نے ایسا نہیں کیا ہے تو کیا کیا ہے؟"

ہنری جیمز (مصنف) شمسی برج حمل، پیدائش 15 اپریل 1843ء

حمل افراد کے سیکھنے کے لیے سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ وہ اپنے کرداری خوبیوں کی تربیت اپنی دائمی مایوسی کے لیے نہیں بلکہ اپنے فائدے اور اپنی بہتری کے لیے کریں، انہیں یہ بھی سیکھنے کی ضرورت ہے کہ کیا چیز تبدیل ہو سکتی ہے اور کیا نہیں ہو سکتی، وہ ان دونوں کے فرق کو سمجھیں اور اپنے ساتھی کے ساتھ امن اور ہم آہنگی پیدا کریں۔

نشاۃ ثانیہ کا آدمی

"لوہا بے کار پڑا رہے تو زنگ آلود ہو جاتا ہے، ٹھہرا ہوا پانی اپنا خالص پن کھو دیتا ہے اور سردیوں میں منجمد ہو جاتا ہے، اسی طرح بے عملی بھی ذہن کی طاقت کو سلب کر لیتی ہے"

لیونارڈو ڈاؤنچی (مصور، موجد) شمسی برج حمل، پیدائش 15 اپریل 1452ء

لیونارڈو ڈاؤنچی اس کی ایک عظیم مثال ہے کہ حمل کی ارتکازی طاقت کیا کرسکتی ہے' آرٹ، سائنس، نباتات، علم الابدان، ارضیات، تعمیرات، چلنے والی ہواؤں کے اثرات اور ان کے علم اور انجینئرنگ میں اس کی دریافتیں اپنی مثال آپ ہیں' وہ نشاۃ ثانیہ کا ایک انتہائی اہم مصور تھا، ایک ایسے عہد کا جس میں فنون اور سائنس کو جلا ملی اور یہ خوب پھلے پھولے' یہ ڈاؤنچی ہی تھا جس نے چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کا جائزہ لیا اور بتایا کہ زمین کے گرد چاند کی گردش سمندر میں مدوجزر کا باعث ہوتی ہے۔

یہ غیر معمولی خداداد صلاحیتوں کا مالک ثمر دار شخص خود ساختہ تھا اور چند فن کار ہی ایسے تھے جو اس کی طرح حالات یا معلموں کے مرہون منت نہیں تھے' اس نے اپنی اختراع اور خوش تدبیری سے مختلف شعبوں میں کارہائے نمایاں انجام دیے اور مسائل حل کیے، اس نے پل، بندوقیں اور دھماکہ خیز مواد ایجاد کیے، مونالیزا جیسی شہرۂ آفاق تصویر پینٹ کی اور ڈرائنگ میں ایسی بہت سی تکنیک میں پہل کی جو تین رخی تھیں جو تمام کی تمام آج مروج ہیں۔

اس نے ہائیڈرولک میں تحقیق کے بعد اس امر کا سراغ لگایا کہ زمین کی تاریخ چٹانوں کی پرتوں میں دیکھی جاسکتی ہے، اس نے جوار بھاٹا پر چاند کے اثرات کا پتا چلایا اور براعظم کی تخلیق کے جدید تصور کا پتا دیا۔

ایک ماہر تشریح الاعضا کی حیثیت سے اس نے 9 اجسام کو چیرا پھاڑا اور عضلات کی حرکتوں کا پتا چلایا جس کی درستگی کی تعریف آج کے ماہرین بھی کرتے ہیں، اس نے دل کے عضلات اور اس کے والو کے متعلق بالکل ابتدائی تھیوریاں پیش کیں اور خون کی گردش اور آنکھ کی حرکت کا مطالعہ کیا۔

میکانیکی عمل میں اس نے بھاپ اور اس کے آگے دھکیلنے کی طاقت کو سمجھا، اس نے ہوابازی کے اصول پیش کیے اور "ہوا سے زیادہ وزن" کے اصول کی پرزور حمایت کی' اس نے پہلا مصنوعی پرندہ تعمیر کیا اور گویا یہ کافی نہیں تھا، ڈاؤنچی نے قینچی، پیراشوٹ، گھڑی اور غوطہ خوری کا سوٹ ایجاد کیا، نباتات میں اس نے پتیوں کی تبدیلی کے قوانین کا فارمولا پیش کیا۔

لیونارڈو ڈاؤنچی کی زندگی حمل افراد کی اصلی فطرت کو بھی اجاگر کرتی ہے۔

حمل افراد کے نزدیک ایک اچھا آئیڈیل اس قابل ہے کہ اس سے استفادہ کیا جاسکے لیکن ڈاؤنچی کا صحیح طریقہ اظہار رابطہ یا کاری گری نہیں بلکہ تخلیق تھا' حمل افراد صاحب تجویز ہوتے ہیں، کسی ادارے سے منسلک ہوں تو آئیڈیے پیش کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو اپنے منصوبے دکھا کر بہت خوش ہوتے ہیں۔

حمل افراد کی صحت

برج حمل سر پر حکومت کرتا ہے' اندرونی طور پر یہ دماغ اور اعصاب کے مرکز پر' شریانوں پر اور بیرونی طور پر کاسہ سر، جبڑوں اور چہرے کی ہڈیوں پر حکومت کرتا ہے، اس آفاقی تعلق کی علامت کے طور پر بہت سے حمل افراد اپنے سر پر پیدائشی نشان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ حمل افراد ہر طرح کی سر سے متعلق شکایتوں مثلاً سائنس، سر کے درد، دانت کے درد، موڑھوں کی تکلیف اور گنج پن کا شکار ہوسکتے ہیں، ان کے سر اور چہرے پر زخم بھی آسکتے ہیں، دوسری شکایتوں میں تولنکنا، کان کا درد، آنکھ کی تکلیف، چہرے کے داغ دھبے، مہاسے، لکنت، ہائپر ٹینشن، ذیابیطس، دماغی امراض وغیرہ شامل ہیں۔

حمل افراد کو چاہیے کہ وہ اپنی توانائی کو تخلیقی کاموں میں صرف کریں اور جسمانی طور پر اپنا اظہار کریں' اگر وہ اس امید میں رہیں گے کہ دوسرے لوگ ان میں تحریک پیدا کریں گے تو یہ پریشانی اور مایوسی کا شکار ہو جائیں گے اور اپنا وزن بڑھانے لگیں گے' اگر وہ بیمار ہوں تو جو کھانے کی کوشش کریں اور زیادہ سے زیادہ مچھلی اور کم سے کم سرخ گوشت، ڈھیر سارے سلاد کے پتے خاص طور سے ٹماٹر اور پالک کھائیں اور ٹھنڈے پھلوں کا جوس پئیں، انہیں بہت زیادہ مسالے دار کھانوں اور الکوحل سے پرہیز کرنا چاہیے۔

حمل افراد پوٹاشیم کی کمی کا بھی شکار ہوسکتے ہیں، (کالی فاس اس کا عمدہ علاج ہے) انہیں دن بھر میں زیادہ سے زیادہ پانی پیتے رہنا چاہیے' ان کے لیے موسیقی کے ذریعے مراقبہ اور لونگ، ادرک، دھنیا، کالی مرچ، لوبان وغیرہ کی خوشبو سود مند ہے۔

حمل شریک حیات

انواع واقسام کے لذیذ اور خوش ذائقہ کھانے حمل افراد کو متاثر نہیں کرتے کیوں کہ وہ زندہ رہنے کے لیے کھاتے ہیں' کھانے کے لیے زندہ نہیں رہتے' انہیں سادہ غذا سے رغبت ہوتی ہے'ان کا شوق کبھی انہیں چڑیا گھر' کبھی ایکسر سائز کلب تو کبھی ڈانس کلب لے جاتا ہے۔

جنس مخالف کو چاہئے کہ حمل افراد سے ہلکی پھلکی گفتگو کرے اور انہیں دلچسپ واقعات سنائے لیکن گفتگو کا موضوع زیادہ تر انہیں کی ذات ہو'ان کی خود پرستی اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ ان کے بارے میں زیادہ باتیں کی جائیں۔گفتگو دلچسپ ہو اور آپ کی رائے بھی اس میں شامل ہو تو یہ ایک عمدہ توازن ہوگا۔

ایک بچے کی طرح حمل افراد آپ کے ساتھ کھیلنے یا تعاون کرنے کے بجائے زیادہ تر پہلو بہ پہلو کھیلنا پسند کرتے ہیں'ایک حمل فرد آپ کی صلاحیتوں اور آپ کے مشاغل کی تعریف تو کرے گا لیکن کبھی آپ کے مشاغل میں یا دلچسپیوں میں شریک ہونا پسند نہیں کرے گا۔

اگر کبھی رنجش ہو جائے تو اپنے حمل فرد کے سر کو سہلائیں یا اس کے بالوں سے کھیلیں' آپ دیکھیں گی کہ وہ اس طرح پگھل جائے گا جیسے آپ کے ہاتھ میں مکھن پگھلتا ہے۔

حمل کے لیے تحفہ

حمل افراد چیزوں کی زیادہ قدر نہیں کرتے'وہ اس معاملے میں صوفی منش ہوتے ہیں لہٰذا انہیں کوئی بیش قیمت تحفہ دینے یا اس کی خاطر بہت بھاگ دوڑ کرنے کا کوئی فائدہ نہیں' آپ کو یہ دیکھ کر بہت دکھ ہوگا کہ آپ کے ایک ہفتہ کی محنت اور خون پسینے کی کمائی سے تحفے میں دی جانے والی انگوٹھی باتھ روم میں بے پروائی سے کہیں پڑی ہوگی یا صابن میں دھری ہوگی اور اگر آپ اپنی معشوقہ ءدلنواز کو یہ بتائیں کہ اتنی بیش قیمت انگوٹھی آپ کے باتھ روم میں بے پروائی سے پڑی ہوئی ملی ہے تو اس کی توقع نہ کریں کہ وہ یہ سن کر پریشان ہوگی بلکہ خوش ہوگی کہ آپ کو مل گئی۔

کتابی کیڑے حمل افراد فلسفے اور آئیڈیا کی کتابیں پسند کرتے ہیں' عملی تحفوں میں انہیں کوئی جیبی چاقو پسند ہو سکتا ہے کیوں کہ وہ کارکردگی کی قدر کرتے ہیں' اپنی حمل محبوبہ کے لیے میوزک سی ڈی ایک اچھا تحفہ ہوگا اور اس بات سے پریشان نہ ہوں کہ آپ کا تحفہ اس کے ذوق کے مطابق نہیں ہوگا۔وہ اس انفرادی تحفے کو پسند کرے گی۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ دھن کا پکا اور پرجوش ہے،من موجی اور جارحیت پسند ہے۔

حمل کی شخصیت ایک جنگجو کی شخصیت ہے جو پوری دنیا کو آگ لگانا چاہتا ہے اور چونکہ وہ نہایت وحشیانہ حد تک رومینٹک ہے لہٰذا وہ آپ کے دل میں بھی آگ بھڑکا سکتا ہے۔

اس کی توانائی بے پناہ ہے،اس کی خود اعتمادی بھونچکا کر دینے والی ہے۔وہ ایک پیدائشی لیڈر ہے جو اپنے کارنامے بیان کرتے ہوئے بالکل نہیں شرماتا اور وہ آپ کی حمایت کرکے آپ پر فخر بھی کرسکتا ہے۔

حمل ایک ایسے ذہن کا مالک ہے جو بہت تیزی سے کام کرتا ہے۔وہ جتنی تیزی سے بولتا نہیں اس سے زیادہ تیزی سے سوچتا ہے۔وہ چلتا نہیں دوڑتا ہے اور بیک وقت اتنے پروجیکٹس پر کام کرسکتا ہے جتنا دس آدمی مل کر بھی نہیں کر سکتے۔وہ کسی کمپنی کا صدر ہونے سے لے کر ٹینس کھیلنے تک کچھ بھی کرتا ہو'پرعزم طریقے سے کرتا ہے۔

اہم بات یہ ہے کہ وہ کسی کام میں یا تو بالکل محو ہو جائے گا یا پھر بالکل ہی لاتعلق رہے گا۔اگر وہ کسی کام میں محو ہو تو پھر اسے اپنا ہوش نہیں رہتا۔چاہے وہ کام ہو،محبت ہو یا محض زندگی بسر کرنا ہو،ہر صورت میں اس کا جذبہ ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔دنیا کے بیدار ہونے سے پہلے ہی وہ کسی شہسوار کی طرح کسی اہم کام کی طرف بگٹٹ بھاگ رہا ہوتا ہے۔اس سے کم شے اس پر بوریت اور اکتاہٹ طاری کر دیتی ہے۔

عام طور سے اس کی شخصیت میں اضطراب پایا جاتا ہے،کبھی کبھی وہ متلون مزاج ہونے کا ثبوت دیتا ہے اور کبھی اپنی مدد آپ کرتا ہے۔وہ ترنگ میں آکر یہ بھول جاتا ہے کہ وہ دوسروں کے جذبات کو ٹھیس پہنچا رہا ہے۔

حمل مفاد پرست اور کبھی کبھی انتہائی خود غرض ہو سکتا ہے۔ اس کا یہ رویہ کہ "پہلے میں، بعد میں تم" نہ صرف اسے فائدہ پہنچاتا ہے بلکہ وہ چیز اسے جلدی مل جاتی ہے جو وہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اگر وہ بھڑک اٹھے تو ڈرپوک قسم کے لوگوں کے لیے صحیح معنوں میں خطرہ بن سکتا ہے۔ وہ یہ بات جانتا ہے اور اس سے خوب فائدہ اٹھاتا ہے۔

وہ نہ صرف یہ کہ طاقت پر پنپتا ہے بلکہ سمجھتا ہے کہ یہ اس کا پیدائشی حق ہے اور وہ پہلا شخص ہے جو یہ تسلیم کرتا ہے کہ غالباً کوئی بھی ہو اس سے بڑھ کر اس کا مستحق نہیں ہے لیکن وہ اس قدر محنتی ہے کہ دوسرے لوگ اس کے بارے میں سوچ کر ہی تھکن محسوس کرنے لگتے ہیں۔ حمل کو کام سے بہت محبت ہے اور اسے کچھ تخلیق کرنا بھی بہت اچھا لگتا ہے۔

حمل کو کام چوروں، قنوطیوں اور افسردہ رہنے والوں سے سخت چڑ ہے جو کسی بڑی اسکیم میں کبھی شامل نہیں ہوتے۔ وہ اگرچہ کاروبار میں دھوکہ، فریب اور ساز باز کر سکتا ہے لیکن رومانوی تعلقات میں بے حد کھرا اور ایماندار ہوتا ہے اور دوسروں سے بھی اس کی توقع رکھتا ہے۔

جب وہ کسی چیز کو ایک اچھا چیلنج سمجھتا ہے تو اس کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی ہیں لیکن وہ اپنی محبوبہ سے کھل کر اپنے دل کی بات کہتے ہوئے قطعی نہیں گھبراتا۔ وہ ایسے احساسات کی طرف سے پریشان ہونے کی زحمت گوارا نہیں کرتا جن کا اظہار ہی نہ کیا گیا ہو لہٰذا ایسی عورت سے سختی سے پیش آتا ہے جو یہ بتانے کی جرأت نہیں رکھتی کہ اسے کیا چاہئے اور کیوں چاہئے تاہم اس عورت کو چاہئے کہ وہ حمل پر بھرپور توجہ دے جس سے وہ یہ سمجھے کہ یہ خاتون بہت اچھے ذوق کی مالک ہے کیوں کہ وہ اسے ترجیح دیتی ہے، مسٹر حمل کی انا بحر اوقیانوس سے بھی وسیع ہے۔ وہ جو سوچتا ہے، اسے حاصل کرنا چاہتا ہے۔

اس کی پسندیدہ ترین چیزیں اقتدار اور جذبہ ہیں اور یہ دونوں چیزیں جتنی بھی ہوں، کم ہیں۔ وہ جو کام بھی اپنے ذمے لیتا ہے اس میں بلاشرکت غیرے مکمل پاور چاہتا ہے اور زندگی میں وہ ایک شاندار محبت کا خواہاں رہتا ہے جو اسے یہ احساس دلائے کہ زندگی پھولوں کی سیج ہے۔ اس میں وہ کاروباری آمیزش پسند نہیں کرتا۔ اگر یہ تمام چیزیں فوری حاصل نہ ہو سکیں تو وہ عارضی یا لمحاتی جوش و خروش اور ایک ایسی صورت حال میں گزارا کرے گا جہاں اس کی چلتی ہو یا دال گلتی ہو۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

اس کی انا اس کی کائنات کا مرکز ہے اور وہ چاہتا ہے کہ روزمرہ کے اصولوں پر اس کی خوب تعریف و توصیف کی جائے۔ اس کے علاوہ اسے ڈھیر ساری محبت، توجہ اور پسندیدگی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جنسی اعتبار سے وہ ہوس کا پتلا ہے لہٰذا وہ چاہتا ہے کہ اس کے پاس کوئی ہو جو اس کی پیاس بجھاتا رہے۔ وہ غصے کا نہایت تیز ہوتا ہے لہٰذا اسے ایک ایسی عورت کی ضرورت ہوتی ہے جو ایسے لمحوں میں اسے سنبھال سکے اور اس کے غصے کی آگ کو ٹھنڈا کر سکے جو وہ روز ہی بھڑکاتا ہے اور اپنے لیے بحران پیدا کرتا ہے۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

یہ ایک نہایت بے خوف آدمی ہے جو برائے نام ڈرتا ہے بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ اسے خوف زدہ کرنے والی چیزیں اکثر دلچسپ اور سنسنی خیز لگتی ہیں۔ اس کی دلیری اکثر اسے خطرات کی طرف کھینچتی ہے یا وہ خود ہی ایسے خطرات کو دعوت دیتا ہے جس کے نتیجے میں بڑی تباہی اور بربادی پھیل سکتی ہے۔ اگر اسے کسی چیز سے خوف آتا ہے تو وہ کوئی ایسی شے ہے جو اسے مسترد کر دے، اس کی انا کو فنا کر دے اور اس کی عزت نفس کو سخت مجروح کر دے۔ اگر وہ غلطی پر بھی ہو تو اس کے خیال میں اس کا نوٹس نہیں لیا جانا چاہیے۔ گویا اس کی غلطی، غلطی نہیں ہے۔

عورت، محبت اور جنس سے اس کا رویہ

وہ محبت میں نہایت پرجوش اور مجسم جذبات ہے۔ اس کی چاہت میں اتنی شدت ہے کہ کوئی بھی عورت یہ محسوس کر سکتی ہے کہ اسے اتنی شدت سے پہلے کبھی نہیں چاہا گیا۔ اگرچہ وہ پھولوں کے گلدستے پیش نہیں کرے گا لیکن اس کے احساسات بہت رومینٹک اور جذبات شدید ہوتے ہیں۔ محبت میں وہ وفادار، حاسد اور عام طور سے کڑھنے والا ہوتا ہے۔ وہ شبانہ جنسی مباشرت کے ایک سلسلے کا اہل ہے جو اس کے لیے سرور آگیں کم اور حیاتیاتی زیادہ ہے۔ وہ محبت میں مبتلا ہونا پسند کرتا ہے لیکن اگر اسے یہ شے میسر نہ ہو یا کم میسر ہو رہی ہو تو وہ اسے کہیں اور سے حاصل کرنے میں قطعی نہیں ہچکچائے گا چونکہ اس کی جنسی توانائی بہت زیادہ ہے، اسے اس کے اخراج کی ضرورت ہوتی ہے۔ سخت محنت طلب ایتھلیٹکس اور کرز میں گھرے انہماک سے اس توانائی کو ضائع کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس سے ہٹ کر گاہے گاہے مباشرت کرنا ایک ایسی شے ہے جس کا وہ قطعی مخالف نہیں ہے۔ بنیادی بات

یہ ہے کہ اس کی جنسی طلب حد سے بڑھی ہوئی ہے اور اس معاملے میں اس کی اپروچ بے ساختہ ہے۔ اس طلب کو پورا کرنے کے لیے اسے کوئی منصوبہ بندی نہیں کرنی پڑتی۔ گویا پھل خود بہ خود اس کی جھولی میں آن ٹپکتا ہے لیکن وہ اپنی لمحاتی پارٹنر کو سورج طلوع ہونے کے بعد پھر بھی نظر آئے گا بھی یا نہیں اس کا انحصار اس پر ہے کہ وہ پارٹنر اسے جذباتی طور پر کس طرح سنبھالتی ہے۔

اگر حمل کے جذبات شامل حال نہ ہوں تو وہ بالکل خشک اور لاتعلق رہتا ہے۔ دوسری طرف اگر اس کے جذبات واقعی شامل حال ہوں تو جب تک آپ اس سے خلوص سے پیش آتی رہیں گی وہ اس پر غور بھی نہیں کرے گا کہ آپ ڈائٹنگ کر رہی ہیں یا موٹی ہوگئی ہیں۔

اس کی خوبیاں

وہ جوشیلا، وفادار، مضبوط، دلیر اور طاقت ور ہے۔ وہ بے خوفی سے جیتا ہے۔ وہ ایک ایسا شخص ہے جس کے آگے بیشتر لوگ اپنے آپ کو بہت کمزور سمجھتے ہیں۔ وہ بے حد پراعتماد ہے اور اس کے جوش و خروش میں ایک جادوئی اثر ہے۔ زندگی کے لیے اس کا جوشیلا پن اور زندگی سے اس کی محبت قابل رشک ہے۔ وہ اپنی خواہشات کے معاملے میں بالکل واضح ہے جنہیں وہ وقت پر پوری کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔

اس کی خامیاں

وہ خود غرض، خود پسند، بے حس اور جذباتی اعتبار سے متلون مزاج ہو سکتا ہے۔ کم تر شعور کے حامل حمل افراد اپنی فوری تسکین کے لیے جیتے ہیں اور اگر کوئی ان کی راہ میں حائل ہونے کی کوشش کرے تو اس کے جذبات کو روندتے ہوئے گزر جاتے ہیں۔ وہ اپنے ارد گرد کے لوگوں کو اس زاویہ سے دیکھتا ہے گویا وہ سب صرف اس کی طاقت کے احساس کی تسکین کے لیے پیدا ہوتے ہیں اور یہی ان کا کام ہے اور چونکہ وہ نہایت بے صبر ہے اور اچانک بھڑک اٹھتا ہے لہٰذا وہ کسی سے اپنے تشکر کے جذبات کا اظہار کرنے یا کسی کو سراہنے سے قاصر رہتا ہے۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کی جائے؟

حمل مرد ایسی عورت کے لیے بہت بے قرار ہوتا ہے جو آزاد، پرجوش، دبنگ اور اس کی انا کو تسکین کا سامان فراہم کرتے ہوئے، اس کے دل میں ایک شعلہ سا بھڑکا دے لہٰذا اس کے نئے لباس کی تعریف کریں اور اسے بتائیں کہ اس کی مسکراہٹ کس غضب کی ہے۔ ہمیشہ متحرک، پرجوش اور بے باک ہوں۔ اس کے کام کی تعریف میں زمین اور آسمان کے قلابے ملائیں اور اس کے تصور پر بجلی گرائیں۔ اگر وہ پہل کرنے میں ہچکچائے (جس کا امکان نہ ہونے کے برابر ہے) تو خود پہل کریں اور اس سے کام کے بعد کسی پسندیدہ ڈش کی پیشکش کریں اس سے ملاقات کے لیے خصوصی قیمتی لباس کا اہتمام کریں جس کا گریبان کشادہ ہو۔

اسے کیسے برقرار رکھیں؟

اگر آپ چاہتی ہیں کہ یہ آگ جلتی رہے تو صبر اور جذبے سے کام لیں۔ جنسی اعتبار سے حمل مرد پرجوش اور بے باک ہوتا ہے۔ کبھی کبھی وہ بہت ہی بے باکی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اگر آپ اسے یہ نہیں بتائیں گی کہ آپ کیا چاہتی ہیں تو وہ پوچھنا بھول جائے گا۔ اس میں مینڈھے کی تمام تر جبلتیں موجود ہیں لیکن اس کی تیکنک میں نکھار کا فقدان ہے لہٰذا وہ آپ کو توانائی فراہم کرے گا۔ آپ اسے تصور فراہم کریں۔ اس دوران اگر وہ دھونس جمانا چاہے تو سرد مہری سے اپنے موقف پر ڈٹی رہیں۔

حمل مرد ایسی عورت نہیں چاہتا جو اسے چھوڑ کر چلی جائے بلکہ ایسی عورت چاہتا ہے جس کی وہ عزت کر سکے لیکن دوسری طرف اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ گاہے گاہے آپ پر دھونس جمانے کی کوشش نہیں کرے گا لہٰذا ضروری ہے کہ آپ اسے اپنے احساسات اور توقعات سے آگاہ کریں اور اگر وہ بھول جائے تو دبنگ طریقے سے اسے یاد دلائیں۔ اس پر جسمانی محبت سے غالب آئیں اور اسے بتائیں کہ آپ میں کون سی مخصوص قوتیں ہیں لیکن بہر حال وہ قوتیں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتیں یہ بات اسے کبھی نہ بھولنے دیں۔

حقیقت پسندانہ توقعات

حمل افراد کے ساتھ رہنا کوئی آسان کام نہیں ہے لیکن وہ ایک انتہائی پرجوش شخص ہے۔ اگر آپ واقعی اسے چاہتی ہیں تو آپ کے اندر اتنی خود اعتمادی ہونی چاہیے کہ آپ اس کی مستحق ہو سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو اس کے مطالبات کے آگے گھٹنے ٹیکے بغیر اتنا مضبوط ہونا پڑے گا کہ آپ اس سے محبت کر سکیں۔

حمل کے ساتھ تعلق صرف برابری کی سطح پر ہی کامیاب رہ سکتا ہے۔ اگر آپ اس چیلنج کے لیے تیار ہیں کہ اسے مساوات کا قائل کر سکیں تو آپ صحیح راستے پر گامزن ہیں۔ آپ کی فتح ہوگی۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیُ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلُ وَالزُّھرہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبدحالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری										
	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
	300	400	500	600	700	800	900	1000		

آپکا ماہِ اپریل کیسا 2016 رہے گا

astrology april

فہرست

حمل 48
ثور 48
جوزا 49
سرطان 49
اسد 50
سنبلہ 50
میزان 51
عقرب 51
قوس 52
جدی 52
دلو 53
حوت 53

ARIES

21 Marc
20 April
حمل

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element Fire

Ruling Planet Mars

Symbol: The Ram

Your Stone: Ruby

Life Pursuit The thrill of the moment.

Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ نویں رہتے ہوئے یکم تا 17 اپریل سیدھا رہتے ہوئے تعلیمی مقاصد میں کامیابی اور بیرون ملک سفر کی کوشش کامیاب ہو سکے۔ جبکہ 18 تا 30 اپریل رجعت میں ہونے سے خواہ مخواہ کے مسائل اور کاموں میں رکاوٹ اور سست روی کا اندیشہ۔ شمس ہمراہ عطارد ماہ کے شروع میں طالع میں ہونے سے ماہ کا آغاز خاصہ خوشگوار اور عزت و توقیر سے ہو سکے۔ 14,13 اپریل مریخ زہرہ تثلیث سے صحت مند اقدامات جنم لیں۔ رومانوی ماحول خوشگوار جبکہ تخلیقی کاموں میں دلچسپی بڑھنے سے راحت ملے۔ آمدن کے وسائل اور مالی مشکلات کا خاتمہ ممکنات میں سے ہو۔ ازدواجی و شراکتی امور کا سکھ بھی راحت بخشے۔ 15,14 اپریل عطارد مشتری تثلیث کے باعث سفر وسیلہ ظفر اور عزیز و اقارب، بہن بھائی تعاون کریں۔ بالخصوص بیرون ملک مقیم اقرباء سے مثبت و نیک خواہشات کا اظہار ہو سکے۔

پہلا ہفتہ :مالی پوزیشن کی بہتری کیساتھ گھریلو مسائل بھی حل ہو سکیں گے۔ اولاد راحت کا باعث ہو گی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈز نکل سکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ معاملات کی بہتر پلاننگ کر سکتے ہیں۔ عزیز و اقارب کیساتھ کئے گئے شراکتی کاموں میں مصروفیت رہے گی اور کام میں بہتری کیلئے خاصی جدوجہد کرنی پڑے گی۔

دوسرا ہفتہ :بہت سے کام خود بخود سدھر جائیں گے۔ قسمت ساتھ دے گی۔ جس کے باعث دوستوں کا بھی تعاون حاصل ہو گا۔ ملازم پیشہ افراد سیر و سیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے۔ شخصیت میں نکھار کے ساتھ سوچ میں بھی پختگی آئے گی جو کہ فائدہ مند ہو گی۔ روحانیات میں اضافہ ممکن ہے۔ بیرون ملک سفر کی خواہش میں ابھی تاخیر ہو سکتی ہے۔ معاملات کو بہتر طور پر سنبھال سکیں گے۔

تیسرا ہفتہ :اس ہفتے نصیب یاوری کرنے سے بہت سے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے اور کاروباری سفر فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق کو فروغ حاصل ہو گا۔ دوست احباب کی وجہ سے پریشانی ہو سکتی ہے۔ ہمسائیوں کا تعاون حاصل ہو گا۔ مسائل میں پریشانی' معاملات میں تاخیر' خواہ مخواہ کا ذہنی کھچاؤ' غلط فہمیاں' بحث و مباحثے' معاملات میں جلد بازی اور ذہنی خلل ممکن ہے ان ایام میں صدقات دینا بہتر رہے گا۔ کاروباری امور میں پریشانی آ سکتی ہے۔

چوتھا ہفتہ :اس ہفتے سفر کے مواقع پیش آئیں گے جس کے باعث نصیب یاوری کر سکے گا اور درپیش شدہ مسائل حل ہو سکیں گے۔ غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا جس کے باعث مالی پوزیشن مزید مستحکم ہو سکے گی۔ جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ نیا کام شروع کرنا بہتر نہ رہے گا۔ سوچ محدود ہو کر رہ جائے گی۔ حالات سے نپٹنے کیلئے کسی بزرگ سے راہنمائی مفید رہے گی۔

سعد تواریخ: 15,14,13 اپریل **نحس تواریخ:** 21,20 اپریل

TAURUS

21 April
21 May
ثور

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element Earth

Ruling Planet Venus

Symbol: The Bull

Your Stone: Emerald

Life Pursuit Emotional and financial security.

Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 5 اپریل گیارہویں رہتے ہوئے حلقہ احباب میں وسعت اور سیاسی و سماجی امور میں خاص شمولیت برقرار رہے۔ 16 تا 30 اپریل زہرہ بارہویں رہتے ہوئے حاسدین اپنے بد ارادوں میں زیر اور اخراجات میں کمی کے لیے کوششیں کامیاب رہیں۔ 14,13 اپریل زہرہ مریخ تثلیث سے تخلیقی صلاحیتیں نکھریں اور مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاموں میں فائدہ ملے۔ دوسرے آپ کی شخصیت سے متاثر رہیں۔ 19,18 اپریل زہرہ زحل تثلیث کے باعث ڈپلومیسی فرض شناسی، ایمانداری اور حالات کے مطابق مضبوط و مستحکم فیصلے فائدہ مند رہیں۔ اہم کاروباری و ملازمتی معاہدے بھی طے پا سکتے ہیں۔ 21,20 اپریل زہرہ پلوٹو تربیع کے باعث حالات کا سامنا کرنے کی ضرورت اور دوسروں سے تعلقات میں کشیدگی کا خدشہ طاری رہیں۔ 24,23 اپریل زہرہ یورانس قران سے ذہنی تخلیقی صلاحیتیں نکھریں اور منفرد خصوصیت کے باعث اہم کام سرانجام دے سکیں۔

پہلا ہفتہ :نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ خواہشات کی تکمیل اور محبت سے متعلقہ معاملات میں خاطر خواہ فائدہ ہو گا۔ آپ کی سحر انگیز گفتگو دوسروں پر اثر انداز ہو گی جس سے آپ کی اہمیت میں اضافہ ہو سکے گا۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ دوسروں پر بھروسے میں اضافہ ممکن ہے۔ وراثتی معاملات کے احسن طور پر حل ہونے سے مالی پوزیشن بہتر ہو سکتی ہے۔

دوسرا ہفتہ: ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ ہفتہ کافی اہمیت کا حامل رہے گا۔ نئے افراد سے مل کر کاروبار کو بہتری کی طرف بڑھا سکیں گے۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ اور بیرون ملک جانے کا پروگرام بن سکتا ہے۔ معاملات میں احتیاط برتئے ورنہ تعلقات میں کشیدگی کا اندیشہ ہے۔ لین دین کے معاملات میں خاص احتیاط برتیں۔

تیسرا ہفتہ :اس ہفتے سفر کے مواقع آئیں گے اور نصیب یاوری کر سکے گا جس کے باعث مالی اور دوسرے مسائل ختم ہو سکیں گے۔ کاروباری معاملات احسن طریقے سے حل ہو سکیں گے اور اہم معاہدے کریں گے جو بعد میں فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ذہنی و فنکارانہ صلاحیتیں اُجاگر ہو سکیں گی مالی مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ہمت سے حالات کا سامنا کرنے سے معاملات جلد سدھر سکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: اس ہفتے آپ دماغ سے زیادہ دل کے فیصلوں پر عمل کریں گے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ ملازم پیشہ افراد کو مالی مسائل پیش آ سکتے ہیں۔ جس کے باعث وہ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ سخاوت و دوستی میں اضافہ اور کام میں خوبصورتی کو سراہا جائے گا۔ سماجی امور بہتر رہیں گے۔ شریک حیات کی خواہشات کا احترام کرتے ہوئے پوری کر سکیں گے۔ شراکتی امور فائدہ مند رہیں گے۔

سعد تواریخ: 24,23,19,18,14,13 اپریل **نحس تواریخ:** 21,20 اپریل

GEMINI

جوزا

22 May – 21 June

ستارہ: عطارد ☿
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد کیم تا 5 اپریل گیارہویں رہتے ہوئے حلقۂ احباب میں وسعت جبکہ 6 تا 28 اپریل عطارد بارہویں رہتے ہوئے ناگہانی اخراجات میں اُلجھائے رکھے اور حاسدین سے محفوظ رہنے کی ضرورت ہے۔ کیم، 2 اپریل عطارد یورانس قران سے تجربات فائدہ مند اور تکنیکی مہارت عزت بڑھائے۔ 13,12 اپریل عطارد نیپچون تسدیس سے تخیل کو حقیقت کا رنگ دینے کی کاوش اور فنکارانہ صلاحیتوں کو سراہا جائے۔ 15,14 اپریل عطارد مشتری تثلیث سے مثبت و مستحکم فیصلے اور حالات کے مطابق مثبت سوچ رکھتے ہوئے حکمت سے بھرپور اقدامات لے سکیں، تعلیم وتدریس میں دلچسپی بڑھے۔ 18,17 اپریل عطارد پلوٹو تثلیث سے نفسیاتی مسائل کا خاتمہ اور دوسرے آپ کی شخصیت سے متاثر ہو سکیں۔

پہلا ہفتہ: صحت بہتر رہے گی۔ مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے جو گھریلو ماحول پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ لہٰذا محتاط رہیں اور جذبات اور غصے پر قابو پائیں۔ معاملات پر گہری نظر رکھتے ہوئے مستحکم فیصلے کر سکیں گے۔ مثبت سوچ کے باعث مقاصد میں کامیابی حاصل ہو سکے گی۔ تعلیم کے شعبہ میں دلچسپی بڑھے گی۔ ذہن منتشر رہے گا۔ تلخ کلامی ہو سکتی ہے۔

دوسرا ہفتہ: مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ جذبات اور غصے پر قابو کی ضرورت ہے ورنہ خواہ مخواہ کی پریشانی اور مسائل درپیش رہیں گے۔ شریک حیات کیساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ جس کے باعث گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ شخصیت میں مزید نکھار آ سکے گا۔ معاملات کو سمجھ کر چلنا پڑے گا۔ شراکتی کاروباری امور توجہ کے مستحق رہیں گے۔ والدین کے ساتھ تعلقات میں مزید بہتری ہو سکے گی۔

تیسرا ہفتہ: اس ہفتے گھریلو اور مالی معاملات پر توجہ رہے گی۔ غصے پر قابو رکھئے اور بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ سواری لے سکیں گے۔ بہن بھائی اور دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ مسائل، پریشانی اور کام میں رکاوٹ کا اندیشہ ہے۔ تعلقات میں کشیدگی آ سکتی ہے۔ مستقل مزاجی کی کمی محسوس کریں گے۔ سوچ میں پختگی، معاملات پر پہلے سے بہتر نظر رکھ سکیں گے۔ سنجیدہ امور پر گفتگو ہو سکتی ہے۔

چوتھا ہفتہ: صحت سے متعلقہ معاملات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہو سکیں گے۔ قانونی معاملات سے گریز کرنا بہتر رہے گا۔ مثبت اور بہتر حل نکال سکیں گے۔ اولاد سے متعلقہ امور توجہ طلب رہیں گے۔ فنکارانہ صلاحیتوں کو سراہا جا سکے گا۔

سعد تواریخ: کیم، 2,12,13,14,15,17,18 اپریل　　**نحس تواریخ:** 24,23 اپریل

CANCER

سرطان

22 June – 23 July

ستارہ: قمر ☽
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water
Ruling Planet: The Moon
Symbol: The Crab
Your Stone: Moonstone
Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.
Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

